50 Years
Golden Jubilee
اشاریہ
ماہنامہ جہانِ رضا
(مع اشاریہ مطبوعاتِ مرکزی مجلسِ رضا)
100
URS-E-RAZVI
3,4,5 November 2018
از
عبید الرحمٰن
مجلسِ رضا
مرکزی
MARKAZI MAJLIS-E-REZA

Scanned by CamScanner

اشاریہ ماہنامہ جہانِ رضا

(مع اشاریہ مطبوعاتِ مرکزی مجلسِ رضا)

از

عبیدالرحمٰن

مجلس رضا
مرکزی

Scanned by CamScanner

سلسلہ اشاعت نمبر 34

نام کتاب .... اشاریہ ماہنامہ جہانِ رضا (مع اشاریہ مطبوعات مرکزی مجلسِ رضا)
مرتب .... عبیدالرحمٰن
ماہ و سالِ اشاعت .... صفرالمظفر ۱۴۴۰ھ، نومبر ۲۰۱۸ء
تعدادِ صفحات ۲۱۰
ناشر .... مرکزی مجلسِ رضا؛ بہ تعاون رابطۂ تحقیق (ریسرچ نیٹ ورک)
مقامِ اشاعت .... لاہور، پاکستان

ملنے کا پتا۔
دفتر مرکزی مجلسِ رضا، مسلم کتابوی
گنج بخش روڈ، دربار مارکیٹ لاہور
فون:۔ 0321-4477511-37225605
Email:muslimkitabevi@gmail.com

حکیم محمد موسیٰ امرتسری
اور
پیرزادہ اقبال احمد فاروقی کے نام
مرکزی مجلسِ رضا کے قیام کی صورت
میں جن کی پر خلوص جدوجہد
نئی نسل کو عزم و حوصلہ
دیتی رہے گی

مشمولات

پیش لفظ

مولانا احمد رضا خاں (۱۸۵۶ء تا ۱۹۲۱ء) جنوبی ایشیاء میں آباد مسلمانوں کے اکثریتی طبقے کے معروف عالم دین تھے۔ آپ کثیر التصانیف بزرگ تھے تاہم آپ کی سینکڑوں کتب میں آپ کے ترجمہ قرآن، مجموعہ فتاویٰ اور نعتیہ دیوان کو عالمی شہرت حاصل ہوئی۔ اپنی حیات میں آپ مرجع خواص و عوام تھے۔ آپ کے وصال کے بعد اگرچہ آپ کی تصانیف شائع ہوتی رہیں لیکن آپ کے افکار و نظریات طبقہ علما میں زیادہ معروف رہے۔ اُس دور کی تحریکات، تقسیم ہند، علماء کی اہم مہمات میں مصروفیت نیز مولانا کے مخالفین کی کوششوں سے آپ کی شخصیت و تحقیقات ایک طویل عرصے نظر انداز ہوتی رہیں۔ گزشتہ ۵۰ سالوں میں آپ کے معتقدین میں ایسی شخصیات اور ان کے قائم کردہ ادارے سامنے آئے جنھوں نے مولانا کا تعارف اور تصانیف ساری دنیا میں پھیلا دیں اور تاریخی ناانصافی کے ازالے کی بھرپور کوشش کی۔ شاہ احمد رضا بریلوی کی ہمہ جہت حیات و خدمات پر اقبال احمد فاروقی کے قلم سے تعارفی مضمون اس کتاب کے صفحات ۱۹۳ تا ۱۹۶ پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

مولانا احمد رضا خاں کی شخصیت اور خدمات سے متعلق تحقیق و اشاعت کی باقاعدہ ابتداء ۱۹۶۸ء میں اس وقت ہوئی جب حکیم محمد موسیٰ امرتسری نے اپنے چند احباب کے ساتھ مرکزی مجلس رضا قائم کی اور شاہ احمد رضا کے عرس کے موقع پر 'یوم رضا' کا انعقاد اور ان کی تصانیف اور علماء و مشاہیر کی آپ کے حوالے سے تحقیقات کی اشاعت مجلس رضا کی طرف سے ہونے لگی۔ مجلس کے زیر اہتمام یوم رضا کی تقاریب اور کتب کی اشاعت شاہ احمد رضا بریلوی کی شخصیت اور تحقیقات سے آگہی

کے سفر میں سنگ میل ثابت ہوئیں۔اس کتاب کے صفحات ۷تا۱۷ پر موجود مرکزی مجلس رضا کی مطبوعات کے اشاریے سے مجلس کی اشاعتی خدمات کا اندازہ ہوتا ہے۔ سینکڑوں افراد اور اداروں نے مجلس رضا کی اس تحریک میں شمولیت اختیار کی۔۱۹۸۶ء میں حکیم صاحب کی طبیعت کئی ماہ ناساز رہی اور مجلس دیگر اراکین کے زیر انتظام چلتی رہی۔اس دوران کچھ اس طرح کے تصرفات ہوئے جن کی بنا پر حکیم صاحب مجلس سے الگ ہوگئے۔ انتظامیہ کے متعدد افراد مجلس کو خیر باد کہہ گئے۔ اگلے کئی سال انتظامی کمیٹیاں بنتی رہیں بگڑتی رہیں اور مجلس کی سرگرمیاں محدود ہو گئیں۔یہ مجلس کے پہلے دور کا اختتام تھا جس کے سربراہ حکیم موسیٰ امرتسری تھے۔آپ مجلس رضا اور حکیم موسیٰ امرتسری کی خدمات سے متعلق تعارفی مضمون اس کتاب کے صفحات ۱۹۷تا۲۰۴ پر ملاحظہ کریں گے جو ان کے قریبی ساتھی پیرزادہ اقبال احمد فاروقی کی ایک تحریر سے ماخوذ ہے۔

۱۹۹۱ء میں مجلس رضا کے بانی رکن اور حکیم موسیٰ امرتسری کے معتمد پیرزادہ اقبال احمد فاروقی ان کی سرپرستی میں آگے بڑھے اور مجلس رضا کے نگران کے طور پر ذمہ داری سنبھال کر "جہان رضا" جاری کیا۔ماہنامہ جہان رضا کی صورت میں مجلس رضا کے اس دوسرے دور کی ابتداء اتنی شاندار تھی کہ کئی سالوں کی پریشان حالی خوش گواری میں بدل گئی۔شائقین تک جہان رضا اور مجلس رضا کی مطبوعات پہنچنا شروع ہو گئیں۔جہان رضا کے صفحات پر عمدہ مضامین اور تحقیقی مقالات شائع ہوتے اور اہل ذوق سے داد وصول کرتے۔اقبال احمد فاروقی نے بہ حیثیت مدیر اتنے موثر اداریے لکھے کہ قارئین عش عش کر اٹھے۔جہان رضا ہر ماہ دنیا بھر سے شاہ احمد رضا کی کتب کی اشاعت، تحقیقات اور تقاریب کی خبریں لے کر آتا۔ جہان رضا کا ایک معروف موضوع "کس نفاست کے یہ نامے میرے نام آتے ہیں" تھا جس میں قارئین جہان رضا کے خطوط (نفاست نامے) شائع ہوتے۔اقبال احمد فاروقی کے قلم سے ماہنامہ جہان رضا کے بارے میں دلچسپ تحریر 'میں جہان رضا ہوں!' آپ اس کتاب کے صفحات ۱۹تا۲۶ پر ملاحظہ کریں پھر ماہنامہ جہان رضا کے مشمولات کا اشاریہ دیکھیں گے۔

اقبال احمد فاروقی کی نگرانی میں یہ مجلس رضا کا دوسرا دور تھا جو ۲۰۱۳ء کے آخر میں اُن کے انتقال پر اختتام پذیر ہوگیا۔فاروقی صاحب کے حالات زندگی اور اسلوب پر مضمون ان کے رفیق خاص محمد عالم مختار حق کے قلم سے آپ اس کتاب کے صفحات ۲۰۵تا۲۰۸ پر ملاحظہ کریں گے۔

فاروقی صاحب کے وصال کے بعد مجلس رضا کی ذمہ داری مکرمی منیر رضا صاحب نے سنبھال لی ہے۔موجودہ دور مرکزی مجلس رضا کا تیسرا دور ہے جس میں اب تک ۳۰ سے زائد مطبوعات اور ماہنامہ جہان رضا کی مسلسل اشاعت موجودہ اراکین مجلس کے عزم کی نشانی ہے۔مرکزی مجلس رضا کی تحریک اپنی تاسیس کے ۵۰ سال (گولڈن جوبلی) کی تکمیل پر مبارک باد کی مستحق ہے۔مجلس رضا کے یہ ۵۰ سال موجودہ دور میں اہلسنت کی بیداری کے پچاس سال ہیں۔مجلس کے محرکین، معاونین اور کارکنوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ان کا جس قدر اعزاز و تعریف کی جائے کم ہے۔ حسن اتفاق کہ اسی سال شاہ احمد رضا خاں بریلوی کا صد سالہ عرس بھی ہے۔

ترتیب اشاریہ ماہنامہ جہان رضا

منثورات

اداریے: اداریوں کی ترتیب تاریخی ہے نیز ایک سے زائد بار شائع ہونے والے اداریوں کی نشاندہی پہلی بار کی اشاعت کے تحت ہی کر دی گئی ہے۔جہان رضا کے اداریے پیرزادہ اقبال احمد فاروقی کے قلم سے جنوری ۲۰۱۴ء کے شمارے تک شائع ہوتے رہے۔بعد ازاں اور خود ان کی حیات میں بعض اوقات دیگر افراد کی تحریریں اداریوں کی صورت میں شائع ہوئیں، صرف ایسے اداریوں کے عنوان کے آگے قوسین میں مصنف کی نشاندہی کر دی گئی ہے جب کے دیگر اداریے پیرزادہ اقبال فاروقی کے تحریر کردہ ہیں۔ جہاں عنوان سے مضمون واضح نہیں وہاں قوسین میں وضاحتی الفاظ سے مضامین کی نشاندہی کر دی گئی ہے۔

شذرات: شذرات کی ترتیب تاریخی ہے نیز ایک سے زائد بار شائع ہونے والے شذرات کو صرف پہلی بار کی اشاعت پر درج کیا گیا ہے اور صفحہ نمبر کے آگے نشاندہی کے لیے * کا نشان لگا دیا ہے۔

مقالات و مضامین: ان کی ترتیب مصنف کے نام کے اعتبار سے الف بائی ہے۔ایک ہی مصنف کے تحریر کردہ مقالات و مضامین کی ترتیب مصنف کے نام کے تحت تاریخی ہے۔جہان رضا کے صفحات پر متعدد بار کتب کے اقتباسات شائع ہوئے جن کو اس حصے میں مصنف کتاب کے نام کے تحت ہی شامل کر لیا گیا ہے۔تقاریب کی رپورٹیں بھی رپورٹر کے نام کے تحت اسی حصے میں شامل کر لی گئی ہیں۔

تعارف و تبصرۂ کتب: اس حصے میں سب سے پہلے کتاب کا نام، پھر مصنف کا نام اور قوسین میں مبصر

کا نام بقیہ ترتیب حسب سابق ہے۔ اکثر تبصرے اقبال فاروقی صاحب خود ہی لکھا کرتے تھے اس لیے اُن کے تبصروں کے آگے مبصر کا نام نہیں لکھا گیا۔

خطوط: خط لکھنے والے کا نام اور اس کے بعد ترتیب حسب سابق ہے۔

منظومات

منظومات کو حمد باری تعالیٰ، نعت وسلام، مناقب، مرثیہ اور دیگر منظومات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان تمام حصص میں سب سے پہلے شاعر کا تخلص، قوسین میں پورا نام، پھر عنوان (اگر عنوان موجود ہو، نہیں تو پہلا مصرعہ) جبکہ باقی ترتیب حسب سابق ہے۔ بعض صورتوں میں تخلص معلوم نہ ہونے کی صورت میں شاعر کے حقیقی نام کے تحت ہی اندراج کردیا گیا ہے۔

قطعات و مادہ ہائے تاریخ: اس حصے میں شاعر یا مصنف کا نام، عنوان اور باقی ترتیب حسب سابق ہے۔

دیگر مشمولات

مرقعات: اس حصے میں پہلے عکس وغیرہ کا نام دیا گیا ہے اور باقی ترتیب حسب سابق ہے۔

خطاطی: اس حصے میں پہلے وہ الفاظ یا جملہ جو خطاطی میں ہے اور باقی ترتیب حسب سابق ہے۔

سرورق: اس حصے میں پہلے کتاب کا نام (یا اگر کتب ہیں تو ناشر کا نام) پھر مصنف یا مرتب کا نام، مطبع کا نام اور باقی ترتیب حسب سابق ہے۔

ماہنامہ جہان رضا کا ایک اہم حصہ اس میں شائع ہونے والی خبریں تھیں۔ جب اشاریہ سازی شروع کی تو خبروں کا اشاریہ بھی ساتھ ساتھ بنتا رہا۔ بعد ازاں کیوں کہ ایک تعداد میں شمارے ادھورے دستیاب ہوئے اس لیے باوجود خواہش خبروں کا اشاریہ مکمل نہ ہو سکا اور اس اشاعت میں پیش نہیں کیا جا رہا۔ ارادہ ہے کہ جس قدر مواد دستیاب ہوا ہے اس کے ذریعے بننے والا خبروں کا اشاریہ ایک علیحدہ جلد میں برقی (پی ڈی ایف) صورت میں پیش کردیا جائے۔ یہ اشاریہ عنقریب رابطہ تحقیق (ریسرچ نیٹ ورک) کی ویب سائٹ کے اِس لنک پر دیکھا اور ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکے گا

http://research.net.pk/items/show/1783

ماہ و سال کے لحاظ سے ماہنامہ جہانِ رضا کے تمام شائع شدہ شماروں کے نمبر درج ذیل جدول میں پیش کیے جا رہے ہیں نیز کس ماہ و سال میں شمارے شائع نہیں ہوئے یا مشترکہ شائع ہوئے اس ام[illegible]ہی بھی کردی گئی ہے۔

جہانِ رضا کا اشاعتی جدول

شمارہ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
1991	——	——	——	——	1	2	3	4	5	6	7	8
1992	9	10	11	12				13	14	15	16	17
1993	18	19	20	21	23	24-5		26-27		28-29		X
1994	29		30	31	32	34	36	37-38		39	40	X
1995	41		42	43	44		45	46	47-48		49	50
1996	51-52		53	54	55	56		57	58		59	
1997	60	61		62	63	64		65	66		67	
1998	68	X		69		70		71	72	73		74
1999	75		76	77		78	79	80	81		82	83
2000	84		85	86		87	88		89	90		
2001	91		92	93	94		95	96		X	97	
2002	98	99	100	101	102	103		104	105	106		X
2003	107	108	109	110		111		112	113		X	114
2004	115	116		117	117		118	119		120	121	
2005	122	123	124	125		126	127	128		129	130	
2006	131	132	133	134	135		136	137	138	139	140-141	
2007	142		143	144	145	146		147	148	149		150
2008	151		152	153		154		155	156	157		158
2009	159		160		161	162		166	167		168	169
2010	170		171	172	173	174		175	176	177		178
2011	179		180	181	X	182	X	X	183	184	185	
2012	186	187		188	189		190	191		192	193	
2013	194		195		196	X	X	196		197		X
2014	198	199	200	201	202	203	204	204	205	206	207	208
2015	209	211-213			214	215	216		218-219		220	221-2
2016	221-2	223-224		225	226	227-228		229	230	231	232	233
2017	234	235	237-238		239	240	241-242		243	244	245	234
2018	234		235	236	237	238-240			241			

ابتداًء دو تہائی مواد کے ذریعے جزوی اشاریہ ترتیب دے لیا گیا تھا، پھر باقی شماروں کی عدم دستیابی سے کام بالکل رُک گیا۔ اس موقع پر درج ذیل ذرائع سے اشاریہ مکمل کرنے کی کوشش کی:

۱۔ محمد عالم مختار حق صاحب کے ماہنامہ جہان رضا میں شائع ہونے والے وہ مضامین جن میں انھوں نے جہان رضا کے مختلف سالوں کے تمام شماروں کا جائزہ پیش کیا تھا۔

۲۔ اقبال احمد فاروقی صاحب کے جہان رضا میں تحریر کردہ اداریے جو "فکرِ فاروقی"، حالاتِ علماء جو "مجالس علماء" مذکرِ حرمین جو "نسیم بطحا"، روحانی تحریریں جو "رجال الغیب" اور دیگر تحریریں جو "ہاتوں سے خوشبو آئے" اور "نگارشاتِ فاروقی" کے عنوان سے کتابی صورت میں شائع ہوئیں۔

۳۔ بعض شماروں کے محض فہرسِ مضامین کے صفحات متفرق ذرائع سے حاصل ہوئے جن سے مشمولات دیکھ کر (اگرچہ صفحہ نمبروں کی نشاندہی ہر جگہ نہ ہو سکی مگر) اشاریہ مکمل کر لیا گیا۔

سب سے زائد ریکارڈ اقبال احمد فاروقی کے دوست اور کرم فرما مکرمی سردار اکرم بٹر صاحب سے ملا۔ حقیقت یہ ہے کہ ان سے ملنے والے عظیم ذخیرے سے ہی اشاریہ سازی شروع کرنے کی ہمت بندھی۔ باقی شماروں کی فراہمی میں جناب احمد ترازی، علامہ کوکب نورانی اکاڑوی، مکرمی منیر رضا اور بلخصوص سید منور علی شاہ بخاری نے مدد کی۔ بعض شمارے انٹرنیٹ سے بھی دستیاب ہوئے۔ محترم منیر رضا صاحب نے مجلس رضا کی طرف سے اس کتاب کی اشاعت کا اہتمام ۱۰۰ سالہ عرسِ رضوی اور مرکزی مجلسِ رضا کی تاسیس کے ۵۰ سال (گولڈن جوبلی) مکمل ہونے پر کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ تمام ہی معاونین کو بہترین جزا عطا فرمائے۔ آمین

عبید الرحمٰن
www.research.net.pk
0092 302 262 6242

اشاریہ مطبوعاتِ مرکزی مجلسِ رضا

پہلا دور
(۱۹۶۸ء—۱۹۹۰ء)

۱۔ مقالات یوم رضا (حصہ اوّل)، مرتب: قاضی عبد النبی کوکب و حکیم محمد موسیٰ امرتسری، ناشر: دائرۃ المصنفین، صفر ۱۳۸۸ھ، جون ۱۹۶۸ء، صفحات ۱۴۴

۲۔ مقالات یوم رضا (حصہ دوم)، مرتب: قاضی عبد النبی کوکب، ناشر: دائرۃ المصنفین، صفر ۱۳۹۰ھ، مئی ۱۹۷۰ء، صفحات ۸۴

۳۔ مقالات یوم رضا (حصہ سوم)، مرتب: قاضی عبد النبی کوکب، ناشر: رضا اکیڈمی۔ دائرۃ المصنفین، صفر ۱۳۹۱ھ، اپریل ۱۹۷۱ء، صفحات ۵۶

مجلسِ رضا کا سلسلۂ اشاعت

ذیل میں مجلسِ رضا کی مطبوعات کو حتی المقدور سلسلہ اشاعت کی ترتیب میں پیش کیا گیا ہے۔

۱۔ تجلی المشکوۃ، شاہ احمد رضا خاں، ۱۹۷۱ء

۲۔ فاضل بریلوی اور ترک موالات، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ۱۹۷۱ء، صفحات ۹۶

۳۔ اعلیٰ حضرت کا فقہی مقام، مولانا عبد الحکیم اختر، ۱۳۹۱ھ

۴۔ سوانح سراج الفقہا (مع فتویٰ مبارکہ از اعلیٰ حضرت)، مولانا عبد الحکیم شرف قادری، ۱۳۹۱ھ

۵۔ پیغامات یوم رضا، محمد مقبول احمد قادری، رمضان ۱۳۹۲ھ، صفحات ۴۸

۶۔ مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی نعتیہ شاعری، ملک شیر محمد اعوان، صفر ۱۳۹۳ھ، صفحات ۴۸

۷۔ المجمل المعدو لتالیفات المجدد، محمد ظفر الدین بہاری، ۱۳۹۳ھ

۸۔ فاضل بریلوی اور علمائے حجاز کی نظر میں، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ۱۳۹۳ھ، ۱۹۷۴ء، صفحات ۲۶۴

۹۔ فاضل بریلوی کا فقہی مقام، مولانا غلام رسول سعیدی، ربیع الثانی ۱۳۹۴ھ، مئی ۱۹۷۴ء، صفحات ۴۰

۱۰۔ محاسن کنزالایمان، ملک شیر محمد اعوان، ۱۳۹۴ھ، صفحات ۷۷

۱۱۔ اعلیٰ حضرت کی شاعری پر ایک نظر، سید نور محمد قادری، صفر ۱۳۹۵ھ، ۱۹۷۵ء، صفحات ۴۸

۱۲۔ فضائل درود و سلام (احسن الکلام)، مولانا محمد سعید شبلی فیروز پوری، شوال ۱۳۹۵ھ، صفحات ۸۸

۱۳۔ تمہید ایمان، مولانا احمد رضا بریلوی، ۱۳۹۵ھ

۱۴۔ اجلی الاعلام ان الفتویٰ مطلقاً علی قول الامام (عربی)، امام احمد رضا بریلوی، ۱۳۹۶ھ

۱۵۔ عاشق رسول، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ربیع الآخر ۱۳۹۶ھ، اپریل ۱۹۷۶ء، صفحات ۱۶

۱۶۔ ضیائے کنزالایمان، مولانا غلام رسول سعیدی، جمادی الاولیٰ ۱۳۹۶ھ، ۱۹۷۶ء، صفحات ۵۶

۱۷۔ ڈیوائن ویلیوز آف اسلام (انگریزی)، مولانا عبدالستار خان نیازی، ۱۳۹۶ھ

۱۸۔ اذکار حبیب رضا (میرٹھی خلیفہ امام احمد رضا)، مولانا شاہ عارف اللہ قادری، رجب ۱۳۹۶ھ، جولائی ۱۹۷۶ء، صفحات ۴۰

۱۹۔ تاریخ نعت گوئی میں حضرت رضا بریلوی کا منصب، شاعر لکھنوی، صفر ۱۳۹۷ھ، فروری ۱۹۷۷ء، صفحات ۴۰

۲۰۔ فاضل بریلوی کے معاشی نکات جدید معاشیات کے آئینہ میں، پروفیسر رفیع اللہ صدیقی، ۱۳۹۷ھ

۲۱۔ سات ستارے، جناب حکیم محمد بدر، ۱۹۷۷ء، صفحات ۱۱۲

۲۲۔ الفضل الموہبی، اعلیٰ حضرت بریلوی (مترجم: مولانا افتخار احمد)، ۱۳۹۸ھ

۲۳۔ امام احمد رضا اور علم حدیث، مولانا فیض احمد اویسی، رجب المرجب ۱۳۹۸ھ، صفحات ۸۴

۲۴۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی (سندھی ترجمہ)، مقبول جہانگیر (مترجم: گلزار حسین قادری)، رجب ۱۳۹۸ھ، صفحات ۴۸

۲۵۔ مشرق کا ایک فراموش کردہ نابغہ (انگریزی)، ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد، ۱۳۹۹ھ

۲۶۔ اسنی المطالب فی شعب ابی طالب، ترجمہ: مولانا محمد سعید شبلی، ۱۳۹۹ھ

۲۷۔ اثبات المولد والقیام، شاہ احمد سعید نقشبندی، ۱۴۰۰ھ

۲۸۔ فضائل درود و سلام (مع اضافہ ادعیہ زیارت خیر الانام)، مفتی عنایت احمد کاکوروی، ۱۴۰۰ھ، صفحات ۵۳

۲۹۔ رسالہ فی علم الجفر، مولانا احمد رضا بریلوی، ربیع الاول ۱۴۰۰ھ، ۱۹۸۰ء

۳۰۔ معین مبین بہر دور شمس و سکون زمین، مولانا احمد رضا بریلوی، ۱۴۰۰ھ

۳۱۔ چالیس ارشادات امام ربانی، مرتب: مولانا ابوالبرکات احمد قادری، ۱۴۰۰ھ

۳۲۔ احادیث مبارکہ، عبدالحکیم قاضی، ۱۴۰۰ھ

۳۳۔ خطبات یوم رضا، محمد عالم مختار حق، ۱۴۰۱ھ، ۱۹۸۱ء

۳۴۔ اکرام امام احمد رضا، مولانا برہان الحق جبلپوری (مرتب: ڈاکٹر مسعود احمد)، ۱۴۰۱ھ، ۱۹۸۱ء

۳۵۔ تمہید ایمان (پشتو)، امام احمد رضا خاں (مترجم: خورشید احمد شاہد القادری)، ۱۴۰۱ھ

۳۶۔ الحق المبین (پشتو)، علامہ سید احمد سعید کاظمی (مترجم: مولانا ظاہر شاہ میاں)، ۱۴۰۱ھ

۳۷۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی، مولانا محمد عارف اللہ خان مصباحی، ۱۴۰۱ھ

۳۸۔ جہان رضا، محمد مرید احمد چشتی، شوال ۱۴۰۱ھ، صفحات ۲۶۴

۳۹۔ گناہ بے گناہی، ڈاکٹر پروفیسر محمد مسعود احمد، ۱۴۰۱ھ، صفحات ۲۲

۴۰۔ تمہید ایمان (سندھی ترجمہ)، امام احمد رضا بریلوی (مترجم: گلزار حسین قادری)، ۱۴۰۱ھ، ۱۹۸۱ء، صفحات ۱۳۶

۴۱۔ استغاثہ، مرکزی مجلس رضا لاہور، ۱۴۰۱ھ

۴۲۔ توحید اور شرک، علامہ سید احمد سعید کاظمی، ۱۴۰۱ھ

۴۳۔ تعلیقات رضا (حصہ اول)، امام احمد رضا بریلوی، ۱۴۰۲ھ

۴۴۔ تعلیقات رضا (حصہ دوم)، امام احمد رضا بریلوی، ۱۴۰۲ھ

۴۵۔ الوسائل الرضویہ للمسائل الجفریہ، مولانا احمد رضا بریلوی، ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ، ۱۹۸۳ء، صفحات ۳۶

۴۶۔ الجد اول الرضویہ الاعمال الجفریہ، مولانا احمد رضا بریلوی، ربیع الاوّل ۱۴۰۳ھ، ۱۹۸۳ء، صفحات ۵۶

۴۷۔ قربانی کے ضروری مسائل، مرکزی مجلس رضا لاہور، ۱۴۰۳ھ

۴۸۔ امام احمد رضا، ایک فاضل اہل حدیث کی نظر میں، پروفیسر محی الدین الوائی مصری، ۱۴۰۳ھ

۴۹۔ عرفان ربانی کی ناطق دلیل، علامہ سید احمد سعید کاظمی، ۱۴۰۳ھ

۵۰۔ کنز الایمان کے خلاف پاکستانی و غیر پاکستانی وہابیہ نجدیہ کی سازش اور اس کا مثبت جواب، مولانا عبد الستار خان نیازی، ۱۴۰۳ھ، صفحات ۲۶

۵۱۔ کلمہ طیبہ کی تشریح، مولانا ظفر احمد بدایونی، ۱۴۰۳ھ

۵۲۔ امام احمد رضا، دنیائے صحافت میں، محترمہ آربی مظہری، ۱۴۰۳ھ، ۱۹۸۳ء، صفحات ۷۲

۵۳۔ اعالی العطایہ فی الاضلاع والزوایا (عربی، فارسی)، امام احمد رضا بریلوی، ذوالحجہ ۱۴۰۳ھ، اکتوبر ۱۹۸۳ء، صفحات ۴۸

۵۴۔ آٹھ مسئلوں کا محققانہ فیصلہ، مولانا محمد جلال الدین امجدی، ۱۴۰۳ھ، صفحات ۴۶

۵۵۔ مقصود کائنات، علامہ سید احمد سعید کاظمی، ۱۴۰۴ھ

۵۶۔ خاک حجاز کے نگہبان، صلاح الدین محمود، ۱۹۸۴ء، صفحات ۲۰

۵۷۔ مولانا اسماعیل دہلوی اور تقویۃ الایمان، شاہ ابو الحسن زید فاروقی، ۱۴۰۴ھ، ۱۹۸۴ء، صفحات ۱۲۰

۵۸۔ حیات امام اہلسنت، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ۱۴۰۴ھ، ۱۹۸۴ء، صفحات ۶۴

۵۹۔ قادیانی مرتد پر خدائی تلوار (ابجراز الدیانی علی المرتد القادیانی)، امام احمد رضا بریلوی (تقدیم: علامہ شرف قادری)، ذیقعدہ ۱۴۰۴ھ، ۱۹۸۴ء، صفحات ۴۸

۶۰۔ دستور مرکزی مجلس رضا، اراکین مرکزی مجلس رضا، ۱۴۰۴ھ

۶۱۔ فیصلہ مقدسہ، مولانا محمد عزیز الرحمٰن بہاولپوری، ذوالحجہ ۱۴۰۴ھ، ۱۹۸۴ء، صفحات ۱۱۰

۶۲۔ سید احمد بریلوی کے فسانہ جہاد کی حقیقت، سید نور محمد قادری، ۱۴۰۵ھ

۶۳۔ نماز، خلیل احمد رانا، ۱۴۰۵ھ

۶۴۔ اندھیرے سے اجالے تک، مولانا محمد عبد الحکیم شرف قادری، ۱۴۰۵ھ

۶۵۔ الدرۃ البیضانی فقہ الشاہ احمد رضا، مولانا فیض احمد اویسی، جمادی الاولیٰ ۱۴۰۵ھ، فروری ۱۹۸۵ء، صفحات ۶۴

۶۶۔ ندائے یا رسول اللہ! شاہ احمد رضا خاں، محمد عبد الحکیم شرف قادری، ۱۴۰۵ھ، صفحات ۱۲۳

۶۷۔ امام احمد رضا کا نظریہ تعلیم، مولانا جلال الدین قادری، ربیع الاوّل ۱۴۰۵ھ، دسمبر ۱۹۸۴ء، صفحات ۱۲۰

۶۸۔ مجموعہ رسائل ردِ روافض (رد الرافضہ، الادلۃ الطاعنہ، رسالہ تعزیہ داری)، امام احمد رضا بریلوی (تقدیم: علامہ شرف قادری)، ۱۴۰۶ھ، ۱۹۸۶ء، صفحات ۸۸

۶۹۔ امام احمد رضا بریلوی اپنوں اور غیروں کی نظر میں، مولانا عبد الحکیم شرف قادری، ۱۴۰۵ھ

۷۰۔ شیشے کا گھر، مولانا عبد الحکیم شرف قادری، ۱۹۸۶ء، صفحات ۱۲۸

۷۱۔ سلام رضا، امام احمد رضا بریلوی، ۱۴۰۵ھ

۷۲۔ النبی کا صحیح مفہوم، علامہ سید احمد سعید کاظمی

۷۳۔ چودھویں صدی کے مجدد، مولانا ظفر الدین (تقدیم و تحشی: مولانا جلال الدین قادری)، محرم ۱۴۰۶ھ، ستمبر ۱۹۸۶ء، صفحات ۷۲

۷۴۔ الوظیفۃ الکریمہ، شاہ احمد رضا خاں بریلوی

۷۵۔ آئینہ مودودیت، علامہ سید احمد سعید کاظمی

۷۶۔ مسائل ایصال ثواب، مولانا نعیم الدین مراد آبادی، صفحات ۲۸

۷۷۔ الیاقوتۃ الواسطہ قلب عقد الرابطہ، اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی، ۱۴۰۸ھ

۷۸۔ الکوکبۃ الشہابیہ فی کفریات ابی الوہابیہ، شاہ احمد رضا خاں، صفر المظفر ۱۴۰۸ھ، اکتوبر ۱۹۸۷ء، صفحات ۶۴

۷۹۔ برکات الامداد لاہل الامداد، امام اہلسنت بریلوی، ۱۴۰۸ھ

۸۰۔ رہبر و رہنما، ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ۱۴۰۸ھ

۸۱۔ اسباب شہادت امام اعظم، خلیل احمد رانا، ۱۴۰۸ھ

۸۲۔ انوار قطب مدینہ، ترتیب: خلیل احمد رانا، ربیع الاوّل ۱۴۰۸ھ، صفحات ۴۸۰

۸۳۔ انعامات درود شریف، خلیل احمد رانا

۸۴۔ گستاخِ رسول کی سزا قتل، علامہ احمد سعید کاظمی، ۱۴۰۹ھ، دسمبر ۱۹۸۸ء، صفحات ۳۲

دوسرا دور
(۱۹۹۱ء—نومبر ۲۰۱۳ء)

۸۵۔ آؤ مصافحہ کریں، اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی، ۱۴۱۱ھ، مئی ۱۹۹۱ء

۸۶۔ زمین ساکن ہے، شاہ احمد رضا خاں، جولائی ۱۹۹۱ء

۸۷۔ طاعون اور متعدی بیماریوں سے فرار کیوں؟ (تیسیر الماعون)، شاہ احمد رضا خاں، نومبر ۱۹۹۱ء

۸۸۔ سود ایک بدترین جرم، شاہ احمد رضا خاں، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۱، مارچ ۱۹۹۲ء

۸۹۔ اتائے حرمین کا تازہ عطیہ، شاہ احمد رضا بریلوی (مرتب: سید عبد الرحمٰن قادری)، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۲، اپریل تا جولائی ۱۹۹۲ء، صفحات ۱۰—۳۰

۹۰۔ جزام اور جزامی، مترجم: مولانا قمر الدین اشرفی، اکتوبر ۱۹۹۲ء

۹۱۔ حیات اعلیٰحضرت۔ جلد اوّل (حصہ اوّل)، مولانا ظفر الدین رضوی، نومبر ۱۹۹۲ء

۹۲۔ حیات اعلیٰحضرت۔ جلد اوّل (حصہ دوم)، مولانا ظفر الدین رضوی، دسمبر ۱۹۹۲ء

۹۳۔ حیات اعلیٰحضرت۔ جلد اوّل (حصہ سوم)، مولانا ظفر الدین رضوی، ۱۹۹۳ء

۹۴۔ خوان رحمت (تضمین سلام رضا)، بشیر حسین ناظم، دسمبر ۱۹۹۳ء

۹۵۔ المحجۃ المؤتمنۃ فی آیۃ الممتحنۃ، امام احمد رضا، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۲۹، جنوری، فروری ۱۹۹۴ء، صفحات ۱۰—۱۲۸

۹۶۔ تنویر المصباح للقیام عند حی علی الفلاح، مولانا ظفر الدین رضوی (ترتیب: قیس قادری)، اشاعت نو ۱۴۱۴ھ، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۳۰، مارچ ۱۹۹۴ء، صفحات ۱۹—۵۲

۹۷۔ کنز الایمان کے خلاف پاکستانی و غیر پاکستانی وہابیہ نجدیہ کی سازش اور اس کا مثبت جواب، مولانا عبد الستار خان نیازی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۳۱، اپریل ۱۹۹۴ء، صفحات ۱—۳۸

۹۸۔ خطبات یوم رضا، مرتب: محمد عالم مختار حق، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۳۲، مئی ۱۹۹۴ء، صفحات ۵۵

۹۹۔ امام احمد رضا اور خواجہ حسن نظامی (سجدہ تعظیمی کا تقابلی مطالعہ)، ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۳۴، جون ۱۹۹۴ء، صفحات ۲—۳۲

۱۰۰۔ سید المرسلین (تجلی الیقین)، شاہ احمد رضا خاں، دسمبر ۱۹۹۴ء، صفحات ۱۲۸

۱۰۱۔ عنایت اللہ خاں مشرقی اور سمت قبلہ، مولانا ظفر الدین رضوی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۴۳، اپریل ۱۹۹۵ء، صفحات ۳۳—۶۲

۱۰۲۔ المجمل المعدد لتالیفات المجدد، مولانا ظفر الدین رضوی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۴۹، نومبر ۱۹۹۵ء، صفحات ۶—۷، ۳۴—۶۴

۱۰۳۔ الہدایۃ المبارکۃ فی خلق الملائکۃ، شاہ احمد رضا خاں، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۵۱۔۵۲، جنوری، فروری ۱۹۹۶ء، صفحات ۳۰—۴۰

۱۰۴۔ جمع القرآن آزوبم عزوہ لعثمان، شاہ احمد رضا خاں (مرتب: سید احمد قادری)، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۵۳، مارچ ۱۹۹۶ء، صفحات ۴۷—۵۷

۱۰۵۔ بارانِ رحمت (تضمین سلام رضا)، عبد القیوم طارق سلطان پوری، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۵۵، مئی ۱۹۹۶ء، صفحات ۳۱—۵۶

۱۰۶۔ مجدد الف ثانی اور امام احمد رضا خاں، علامہ غلام مصطفیٰ مجددی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۵۷، اگست ۱۹۹۶ء، صفحات ۱۴۴

۱۰۷۔ فاضل بریلوی، مقالات کی روشنی میں، زین الدین ڈیروی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۶۰، جنوری ۱۹۹۷ء، صفحات ۲۸—۷۲

۱۰۸۔ تحفہ درود شریف، علامہ حبیب البشر خیری، فروری ۱۹۹۸ء

۱۰۹۔ دار العلوم دیوبند کا اصل بانی کون؟، ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۶۹، اپریل مئی ۱۹۹۸ء، صفحات ۴۹—۸۰

۱۱۰۔ پروفیسر محمد اسلم کے 'سفر نامہ ہند' سے متعلق چند معروضات، خلیل احمد رانا، شمارہ ۷۰، جون جولائی ۱۹۹۸ء، صفحات ۴۴—۸۴

۱۱۱۔ امام احمد رضا اور علمائے ڈیرہ غازی خان، پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۴۷، اکتوبر، نومبر ۱۹۹۸ء، صفحات ۴۰—۷۱

۱۱۲۔ خاتم المرسلین، حافظ مظہر الدین، ماہنامہ جہانِ رضا، شمارہ ۹۲، مارچ ۲۰۰۱ء، صفحات ۷—۵۹

۱۱۳۔ بارگارہ رسالت میں عاشقانِ رسول کے دُرود و سلام، مولانا نبی بخش حلوائی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۰۷، جنوری ۲۰۰۳ء، صفحات ۳—۶۴

۱۱۴۔ برصغیر میں افتراق بین المسلمین کے اسباب، علامہ مبارک حسین مصباحی، مارچ ۲۰۰۴ء، صفحات ۲۴۰

۱۱۵۔ ذکرِ رضا (منظوم سیرتِ شاہ احمد رضا)، مولانا محمود جان جام جودھ پوری، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۲۳، فروری ۲۰۰۵ء، صفحات ۱۹—۶۴

۱۱۶۔ المیلاد النبویہ فی الالفاظ الرضویہ، شاہ احمد رضا خاں (مرتب: مولانا ظفر الدین رضوی)، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۲۵، اپریل، مئی ۲۰۰۵ء، صفحات ۷—۲۳

۱۱۷۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے ملفوظات پر ایک تنقیدی نظر، مولانا فیضان المصطفیٰ مصباحی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۵۱، جنوری، فروری ۲۰۰۸ء، صفحات ۳۰—۶۰

۱۱۸۔ گستاخِ رسول کی سزا قتل، علامہ احمد سعید کاظمی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۷۹، جنوری فروری ۲۰۱۱ء، صفحات ۳۰

۱۱۹۔ مسئلہ افضلیت سیدنا ابو بکر صدیق اور مسلک اعلیٰ حضرت، منور عتیق رضوی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۸۴، اکتوبر ۲۰۱۱ء، صفحات ۱۹—۶۴

۱۲۰۔ عہدِ رضا میں وابستگانِ رضا کی صحافتی خدمات، مولانا عبد السلام رضوی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۱۹۶، اگست ستمبر ۲۰۱۳ء، صفحات ۱۲—۴۲

تیسرا دور
(دسمبر ۲۰۱۳ء تا حال)

۱۲۱۔ تمہید ایمان، شاہ احمد رضا خاں، صفر ۱۴۳۵ھ، دسمبر ۲۰۱۳ء، صفحات ۶۴ (جدید نمبر ۱)

۱۲۲۔ اسماء الاربعین فی شفاعۃ المحبوبین (چالیس احادیث شفاعت)، شاہ احمد رضا خاں، ربیع الآخر

۱۴۳۵ھ، فروری ۲۰۱۴ء، صفحات ۳۴ (جدید نمبر ۲)

۱۲۳۔ ذنبک کا معنیٰ اور مسئلہ دُرود، علامہ سید احمد سعید کاظمی، رجب ۱۴۳۵ھ، مئی ۲۰۱۴ء، صفحات ۳۶ (جدید نمبر ۳)

۱۲۴۔ امام احمد رضا، علمائے شام کی نظر میں، خلیل احمد رانا، شعبان ۱۴۳۵ھ، جون ۲۰۱۴ء، صفحات ۶۴ (جدید نمبر ۴)

۱۲۵۔ حضرت ضیاء الدین احمد مدنی، مرتب: سید محمد عبد اللہ قادری (افادات: حکیم محمد موسیٰ امرتسری)، رمضان ۱۴۳۵ھ، جولائی ۲۰۱۴ء، صفحات ۱۶ (جدید نمبر ۵)

۱۲۶۔ خالص الاعتقاد (علم غیب رسول)، شاہ احمد رضا خاں، شوال ۱۴۳۵ھ، اگست ۲۰۱۴ء، صفحات ۶۴ (جدید نمبر ۶)

۱۲۷۔ انباء المصطفیٰ بحال سر و خفیٰ، شاہ احمد رضا خاں، ذوالحجہ ۱۴۳۵ھ، اکتوبر ۲۰۱۴ء، صفحات ۳۲ (جدید نمبر ۷)

۱۲۸۔ ازاحۃ العیب بسیف الغیب، شاہ احمد رضا خاں، ذیقعد ۱۴۳۵ھ، ستمبر ۲۰۱۴ء، صفحات ۳۲ (جدید نمبر ۸)

۱۲۹۔ مودودی اور نظریہ بغاوت، مفتی ظہور احمد جلالی، شوال ۱۴۳۵ھ، اگست ۲۰۱۴ء، صفحات ۹۶ (جدید نمبر ۹)

۱۳۰۔ بدمذہبوں سے رشتے، مفتی جلال الدین امجدی، ۲۰۱۴ء، صفحات ۴۰ (جدید نمبر ۱۱)

۱۳۱۔ سیرت سیدنا امیر معاویہ (مع اعتراضات کے جوابات)، مفتی جلال الدین امجدی، ۲۰۱۴ء، صفحات ۴۰ (جدید نمبر ۱۲)

۱۳۲۔ اسم گرامی عبد النبی، مفتی ظہور احمد جلالی، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۲۱۱، فروری تا اپریل ۲۰۱۵ء، صفحات ۷۷—۱۰۴

۱۳۳۔ اسلام کے بنیادی عقائد، علامہ ابو الحسنات سید احمد قادری، رمضان ۱۴۳۶ھ، جون جولائی ۲۰۱۵ء، صفحات ۵۶ (جدید نمبر ۱۳)

۱۳۴۔ امام احمد رضا، دنیائے صحافت میں (۱۹۲۲ء تا ۱۹۸۳ء)، آر بی مظہری، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۲۱۵، جون ۲۰۱۵ء، صفحات ۲—۴۰

۱۳۵۔ اسم گرامی عبد النبی، مفتی ظہور احمد جلالی، ۲۰۱۵ء، صفحات ۳۲ (جدید نمبر ۱۳)

۱۳۶۔ شفا الوالہ، شاہ احمد رضا خاں، شوال ۱۴۳۶ھ، اگست ۲۰۱۵ء، صفحات ۴۰ (جدید نمبر ۱۴)

۱۳۷۔ اسلام کی گیارہ کتابیں (حصہ اوّل)، مولانا غلام قادر بھیروی، محرم ۱۴۳۷ھ، اکتوبر ۲۰۱۵ء، صفحات ۶۴ (جدید نمبر ۱۵)

۱۳۸۔ الوضو، ابو الحسنات سید محمد احمد قادری، جمادی الآخر ۱۴۳۷ھ، اپریل ۲۰۱۶ء، صفحات ۳۲ (جدید نمبر ۱۶)

۱۳۹۔ التیمم، ابو الحسنات سید محمد احمد قادری، جمادی الآخر ۱۴۳۷ھ، مئی ۲۰۱۶ء، صفحات ۳۲ (جدید نمبر ۱۷)

۱۴۰۔ حدیث 'لاادری' کا بیان اور مومن کا ایمان، ابو الحسنات سید محمد احمد قادری، شعبان ۱۴۳۷ھ، جون ۲۰۱۶ء، صفحات ۴۰ (جدید نمبر ۱۸)

۱۴۱۔ اسلام کی گیارہ کتابیں (حصہ دوم)، مولانا غلام قادر بھیروی، صفر ۱۴۳۷ھ، نومبر ۲۰۱۵ء، صفحات ۸۰، (جدید نمبر ۱۹)

۱۴۲۔ فضائل حضرت امیر معاویہ، قاضی غلام محمود ہزاروی، نومبر ۲۰۱۶ء، صفحات ۶۴ (جدید نمبر ۲۰)

۱۴۳۔ توحید و شرک، علامہ سید احمد سعید شاہ کاظمی، شعبان ۱۴۳۸ھ، جون ۲۰۱۷ء، صفحات ۳۲ (جدید نمبر ۲۲)

۱۴۴۔ گناہِ بے گناہی، ڈاکٹر مسعود احمد، شوال ۱۴۳۸ھ، جولائی ۲۰۱۷ء، صفحات ۲۲، (جدید نمبر ۲۳)

۱۴۵۔ اجتہاد اور تقلید، مولانا ناظم علی مصباحی، ۱۴۳۸ھ/۲۰۱۷ء، صفحات ۸۸ (جدید نمبر ۲۴)

۱۴۶۔ توحید و رسالت ﷺ (تقریر، علامہ سید احمد سعید کاظمی قدس سرہ) مرتب خلیل احمد رانا
صفر المظفر ۱۴۴۰ھ، نومبر 2018ء صفحات ۲۴ (جدید نمبر ۲۵)

۱۴۷۔ حقوق العباد کی اہمیت، شاہ احمد رضا (مع بندوں کے حقوق کا بیان از مفتی رضوان فاروقی)، محرم ۱۴۳۹ھ، اکتوبر ۲۰۱۷ء، صفحات ۸۰ (جدید نمبر ۲۶)

۱۴۸۔ من دون اللہ کون؟ نہایت حسین مکالمہ، علامہ سید ارشد سعید کاظمی، محرم ۱۴۳۹ھ، اکتوبر ۲۰۱۷ء، صفحات ۴۰ (جدید نمبر ۲۷)

۱۴۹۔ محمد رسول اللہ، قرآن میں (مع آقائے کائنات قرآن کی روشنی میں)، علامہ ارشد القادری اور علامہ مشتاق احمد نظامی، ربیع الاول ۱۴۳۹ھ، نومبر ۲۰۱۷ء، صفحات ۵۶ (جدید نمبر ۲۸)

۱۵۰۔ اسلام کی گیارہ کتابیں (حصہ ششم)، مولانا غلام قادر بھیروی، دسمبر ۲۰۱۷ء، صفحات ۶۴ (جدید نمبر ۲۹)

۱۵۱۔ اسلام کی گیارہ کتابیں (حصہ پنجم)، مولانا غلام قادر بھیروی، دسمبر ۲۰۱۷ء، صفحات ۸۸ (جدید نمبر ۳۰)

۱۵۲۔ شرح المطالب فی مبحث ابی طالب، شاہ احمد رضا خاں، رجب ۱۴۳۹ھ، اپریل ۲۰۱۸ء، صفحات ۸۰ (جدید نمبر ۳۱)

۱۵۳۔ امام احمد رضا خاں بریلوی اور ان کی تعلیمات، مولانا عبد المبین نعمانی، پروفیسر فاروق صدیقی و مولانا شکیل سبحانی، شعبان ۱۴۳۹ھ، مئی ۲۰۱۸ء، صفحات ۳۲ (جدید نمبر ۳۲)

۱۵۴۔ احکام رمضان المبارک، شاہ عبد العلیم صدیقی القادری، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۲۳۷، مئی ۲۰۱۸ء، صفحات ۵۶

۱۵۵۔ سیدنا امیر معاویہ کے بارے میں اہلسنت کا موقف، مفتی محمد سعید قادری، ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۲۳۸—۲۴۰، جون تا اگست ۲۰۱۸ء، صفحات ۳۱—۹۶

۱۵۶۔ الدولۃ المکیہ، مولانا احمد رضا خاں، صفر المظفر ۱۴۳۹ھ، نومبر ۲۰۱۷ء

۱۵۷۔ اشاریہ ماہنامہ جہانِ رضا (مع اشاریہ مطبوعاتِ مرکزی مجلسِ رضا)، عبید الرحمٰن، صفر المظفر ۱۴۴۰ھ، نومبر ۲۰۱۸ء، صفحات ۲۱۰

۱۵۸۔ الدولۃ المکیہ، مولانا احمد رضا خاں (مکمل حواشی اور اصل عربی عبارات کے ساتھ)
صفر المظفر ۱۴۴۰ھ نومبر ۲۰۱۸ء صفحات ۱۴۴ (جدید نمبر ۳۵)

میں جہانِ رضا ہوں!

میرا نام ''جہانِ رضا'' ہے۔ میں چودہ برس کا ابھرتا ہوا جواں سال ماہنامہ ہوں۔ مجھے پڑھنے والے اکثر اہلِ ذوق میرا چاند سا چہرہ دیکھتے ہی پکار اٹھتے ہیں۔

تم چودھویں کا چاند ہو یا آفتاب ہو
جو کچھ بھی ہو خدا کی قسم لاجواب ہو!

میں ابھی ایک سال کا تھا تو میری مسکراہٹ میرے پڑھنے والوں کو لبھانے لگی۔ جو بھی دیکھتا مجھے پیار سے دیکھتا۔ دیکھنے والوں کی مسکراہٹوں نے مجھے خوش کر دیا۔ دوسرے سال میری مسکراہٹ میں مزید دلکشی آ گئی۔ جو دیکھتا مجھے اٹھا لیتا، منہ چوم لیتا اور جھوم جھوم جاتا۔ تیسرے سال میں آہستہ آہستہ چلنے لگا، تو اہلِ قلم آگے بڑھے، میری انگلی پکڑی، مجھے چلنا سکھایا۔ پھر اہلِ علم نے کرم کیا، مجھے بولنا سکھایا۔ ان اہلِ علم و قلم نے مل کر میرے سینے کو اپنی روشن تحریروں سے روشن کر دیا۔ علماء کرام تشریف لائے اور میرے سینے کے صفحات کو ''ذکرِ رضا'' سے روشن کرتے گئے۔ مجھے ابھی چلنا بھی نہیں آیا تھا کہ پاک و ہند کے کئی دانشور آنے لگے، ہاتھ پکڑا اور چلنا سکھانے لگے۔ میں ''ذکرِ رضا'' کی لاٹھی پکڑ کر چلنے لگا۔ دوڑنے کی کوشش کرتا، آہستہ آہستہ، خراماں خراماں، رواں دواں ہوتا گیا۔ میرے ایک مہربان نے دیکھا تو مجھے اپنے مطالعہ کی میز پر سجا لیا اور کہنے لگے:

آمد سنی کسی کی تو واللہ رے اشتیاق
آنکھیں بچھائیں ہم نے جہاں تک نظر گئی

اب میں بڑا ہو گیا۔ حسن بن کر اپنے قارئین کے دلوں کی انجمنوں میں جانے لگا۔ میرے صفحات حسن و جمال کے جلوے بکھیرنے لگے، فاضل بریلوی کی تحریروں کی خوشبو پھیلانے لگے، "حدائق بخشش" کے پھول برسانے لگے، شبستان بانٹنے لگے، سلام رضا کی ضیائیں پھیلانے لگے۔

میرے چاہنے والے، پڑھنے والے، ہزاروں قارئین شہ پاروں سے میرے صفحات کے سینے کو مزین کرنے لگے۔ جہانِ رضویت کے ادیب و نقیب میرے دامن کو علم و عرفان کی دولت سے مالا مال کرنے لگے۔ میرے قارئین کے خطوط "نفاست نامے" بن کر چھپنے لگے اور خوشبو بکھیرنے لگے۔ میں انہی حالات میں قد آور ہوتا گیا۔ پاک و ہند میں چھپنے والے جرائد سے بلند قامت ہونے لگا۔ میرے ایک چاہنے والے نے ایک دن مجھے غور سے دیکھا، تو پکار اٹھا:

سلسلہ فتنۂ قیامت کا
تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

میرا قد بڑھتا گیا۔ میں وادیٔ رضا میں سرو قد کھڑا تھا اور سروِ چماں نظر آتا تھا۔ ایک قاری نے لکھا:

جب تک کہ نہ دیکھا تھا قدِ یار کا عالم
میں معتقدِ فتنۂ محشر نہ ہوا تھا

میں قدم بڑھاتا گیا، میری خوش قامتی اور خوش رفتاری نے قارئین کو گرویدہ بنالیا۔ وہ میری راہیں دیکھتے، بلکہ راہ میں آنکھیں بچھاتے۔ وہ میری آمد پر خوش ہوتے۔ وہ مجھے دیکھ کر سب کچھ بھول جاتے اور میرے لفظ لفظ پر نظر ڈالتے۔ جب تک مجھے اچھی طرح پڑھ نہ لیتے، آرام نہ کرتے۔ میں خود بھی ہر ماہ بن سنور کر نکلتا۔ "زلفیں سیاہ و چہرہ درخشاں ہوئے" نمودار ہوتا۔ صفحہ صفحہ پر "افکارِ رضا" کے پھول سجاتا جاتا۔ ورق ورق پر تعلیمات رضا کے گلدستے بناتے جاتا۔ کبھی "نغماتِ رضا" سے دلوں کو خوش کرتا جاتا۔ کبھی ذکر مصطفٰی سے دل کے غنچے کھلاتا جاتا۔ میں ہر دل میں مونسِ جان بن کر سما جاتا۔ میں ہر گھر میں مہمانِ عزیز بن کر داخل ہوتا۔ میں ہر دماغ کو مشامِ جان بن کر خوش کرتا جاتا۔ میں ہر محفل میں جانِ محفل بن کر پہنچ جاتا۔ میں ہر مجلس میں رنگ مجلس ہوتا۔ میں ہر بزم میں رونقِ بزمِ اہلِ محبت بن جاتا۔ کہیں میں بوئے گل بن جاتا، کہیں نالۂ دل بن　کہیں دودِ چراغ محفل بن جاتا۔ میں جس بزم میں، جس رنگ میں بھی نکلتا، لوگ میرا استقبال　تے۔ لوگ آنکھیں فرشِ راہ کرتے، لوگ میرے قاصد کو دیکھ کر مرحبا کہتے۔ کبھی میں

سعدی کا رنگ لے کر جاتا تو "مردماں ہجو کا فذِ زری خرند" کا منظر دیکھتا۔ کبھی رومی کا رنگ لے کر قدم بڑھاتا تو "شعری گو تم بہ از قند و نبات" کا گمان ہوتا۔ کبھی جامی کا رنگ لے قدم بڑھاتا تو لوگ پکار اٹھتے "کشتہ انداز ملا جامی است۔" اس طرح میں چلتا گیا، قدم بڑھاتا گیا۔ پھر رومی کی طرح:

من بہ ہر جمعیتے نالاں شدم
جفت خوش حالاں و بد حالاں شدم

میرے صفحات گلستانِ رضا کی خوشبوؤں سے مہک مہک جاتے، میرے دامن خیابان رضا کے نغموں سے چہچہا اٹھتے، میرے نغمے مرغزار رضا کی جھنکار لے کر دلوں کو خوش کر دیتے۔

میں جوان ہوتا گیا۔ آگے بڑھتا گیا۔ دنیائے رضویت کے اہل قلم نے مجھے اپنا لیا۔ جہانِ رضویت کے دانشوروں نے مجھے سنبھالا دیا۔ دنیائے رضویت کے محققین نے مجھے اپنا بنا لیا۔ کلام رضا کے شارحین نے میرے دامن کو گلہائے رنگا رنگ سے بھر دیا۔ میں کس کس کا نام لوں۔ میں کس کس کا شکریہ ادا کروں۔ میں کس کس کا منت کش تحریر بنوں۔ میں کس کس کے احسان کا ذکر کروں۔

میں "مرکزی مجلسِ رضا" کے گھر پیدا ہوا۔ وہ میری عظیم ماں ہے، اس نے اپنے زمانہ عروج میں بیس لاکھ کتابیں چھپوا کر پاک و ہند کے اہل علم میں تقسیم کی تھیں۔ ان میں اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کی گراں قدر تصانیف تھیں۔ ان کے احوال و آثار پر نامے تھے۔ ان کی عبقری زندگی پر مقالات تھے۔ ان کی اعتقادی خدمات پر تحقیق کی تھی۔ میں دن رات ان کی مسلکی خدمات کو لوگوں تک پہنچاتا گیا۔ مرکزی مجلس رضا کے بانی، اس کے روح رواں، اس کے قافلے کے سار بان، حکیم اہل سنت حکیم محمد موسیٰ امر تسری رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ انہوں نے پچیس سال تک اپنی شبانہ روز کوششوں سے اعلیٰ حضرت کے نام کو مشرق سے مغرب تک پہنچایا، پھیلایا اور سوئی ہوئی وادیوں کو بیدار کر دیا۔ ان کے مسلک کو متعارف کرایا اور یوں محسوس ہونے لگا کہ اہل ذوق رضویوں کیلئے:

ع گویا دبستاں کھل گیا!

میں "مرکزی مجلسِ رضا" کا عکسِ جمیل ہوں۔ میں حکیم محمد موسیٰ امر تسری مرحوم کی روح کی آواز ہوں۔ میں ان علمائے اہل سنت کی تحریروں کا امین ہوں، جو حیات و افکار رضا کے ترجمان ہیں۔ میں ان قلم کاروں کی آواز ہوں جو افکارِ رضا کی پیش رفت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔ میرا دامن گلہائے رنگا رنگ سے بھرا ہوا ہے۔ کبھی علمائے اہل سنت کی یادیں لے کر آتا

ہوں۔ کبھی ''شہر محبت'' کی گلیوں کی خوشبو لے کر اہل محبت کے دروازوں پر دستک دیتا ہوں۔ کبھی وعظ فروشوں کو للکارتا ہوں۔ کبھی نذرانے اکٹھے کرنے والے سجادہ نشینوں کو تاڑتا ہوں۔ کبھی اقتدار کے ایوانوں میں اذان دیتا ہوں اور کبھی بد عقیدہ مولویوں کو لتاڑتا ہوں۔ میں وقت کے ایوانوں میں آواز بن جاتا ہوں اور وقت کی بات کرتا ہوں۔

؎ میں ''نوائے وقت'' ہوں اور وقت کی آواز ہوں!

میں اعلیٰ حضرت کے نغمات لے کر ایک عرصہ تک تنہا چلا جا رہا تھا۔ صفحہ صفحہ پر ذکر رضا، ورق ورق پر فکرِ رضا، قدم قدم پر سخنِ رضا بیان کرتا رہا۔ رضویت کی راہوں پر چلتا گیا۔ میرا بھائی ''معارف رضا'' (کراچی) میرا ہمنوا بن کر ابھرتا۔ وہ سال کے بعد ایک بار جلوہ گر ہوتا اور مجھے سہارا دیتا۔ میں خوش ہوتا کہ چلو! میرے رضا کا نغمہ سرا میرا ایک ساتھی بھی ہے۔ پھر میرا چھوٹا بھائی ''افکار رضا'' ممبئی (انڈیا) سے اٹھا اور نغماتِ رضا سارے ہندوستان میں سنانے لگا۔ وہ تین چار ماہ بعد مجھے ملنے آتا تو میرا دل خوش ہو جاتا۔ لاہور صدر کینٹ سے میرا ایک اور بھائی ''کنزالایمان'' ہر ماہ ذکر رضا لے کر آتا ہے۔ میں اللہ کا شکر ادا کرتا اور نعرہ زن ہوتا ہوں:

گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں
یہاں اب میرے رازداں اور بھی ہیں

ہم سارے بھائی مدینہ کی گلیوں سے لائی ہوئی خوشبو بکھیرنے والے امام احمد رضا کے نغمہ سرا ہیں۔ آج سارا چمن نغماتِ رضا سے گونجنے لگا ہے۔ سارا گلشن، گلہائے رضا سے مہکنے لگا ہے۔ سارا عالم ''مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام'' کے دلنواز نغموں سے معمور ہونے لگا ہے۔ خوانوں کی مجالس، واعظوں کی تقریروں، ریڈیو ٹی وی کے اسٹیشن نعت رسول سے گونجنے لگے ہیں اور ہر طرف ''سلامِ رضا'' کے دلنواز نغمے پھیلنے لگے ہیں، یوں محسوس ہوتا ہے کہ

؎ مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے!

میں سال بہ سال تازہ بہ تازہ مضامین سے مزین ہو کر آنے لگا۔ میں سال بہ سال نئے مقالات لے کر اہلِ محبت کے دلوں کے دروازوں پر دستک دینے لگا۔ جب کبھی مجھے اپنے قارئین تک پہنچنے میں دیر ہوتی تو وہ مجھے یاد کرتے، مجھے میری غیر حاضری پر متنبہ کرتے، میری دیر سے حاضری کو

محسوس کرتے، تاہم میں اپنی بے سروسامانی کے باوجود سوئے منزل چلتا رہا۔ کبھی خراماں خراماں، کبھی افتاں وخیزاں سفر کرتا رہا۔

اب میری عمر چودہ سال ہو گئی ہے۔ مجھ سے محبت کرنے والے مجھے ''محبوب چہار دہ سالہ'' کہہ کر پیار کرتے ہیں۔ میرے پیارے دیرینہ قارئین میری راہیں دیکھتے ہیں اور جب میرا قاصد خوش خرام انکے دروازے تک پہنچتا ہے، تو پکار اٹھتے ہیں:

؎ وہ کون آیا کہ میرے دل کے تارے جگمگا اٹھے!

آج میں جواں سال ''جہانِ رضا'' ہوں۔ مجھے چودہ سال ہو گئے میں افکار رضا کی چاندنیاں بکھیر رہا ہوں۔ مجھے چودہ سال ہو گئے نغمات رضا سے گلشن سنّیت کے دل شاد کر رہا ہوں۔ مجھے چودہ سال ہو گئے گلشن رضا کو مہکا رہا ہوں۔ مگر میرے ایک قاری جو حافظ شیرازی کے کلام کے حافظ ہیں میرا چہرہ دیکھ کر فرمانے لگے:

مے دو سالہ و محبوب چاردہ سالہ
ہمیں بس است مرا صحبت صغیر و کبیر

میں ہر ماہ اپنے قارئین کے دروازے پر دستک دیتا ہوں۔ سینکڑوں مہربان چل کر میرے پاس آتے ہیں اور مجھے اپنے ساتھ لے جاتے ہیں اور اپنے ذوقِ مطالعہ کو تسکین دیتے ہیں۔ میرے کئی چاہنے والے ایسے بھی ہیں جو مجھے یاد نہ بھی کریں تو میں خود ان کے گھر پہنچ جاتا ہوں۔ میرے بعض ایسے بھی مہربان ہیں جو مجھے پڑھنا تو کیا دیکھنا بھی نہیں چاہتے مگر میں بن بلائے مہمان بن کر ان کے دارالمطالعہ میں جا پہنچتا ہوں۔ میرے ایسے مردہ دل دوست بھی ہیں جو مجھے ملنا نہیں چاہتے مگر میں خود ان کے مزار پر پہنچ جاتا ہوں اور جب میں ان پر بریلی کے باغوں کے پھول نچھاور کرنے لگتا ہوں تو آواز آتی ہے:

آہستہ برگ گل بہ فشاں بر مزار ما
بس نازک است شیشہ دل در کنار ما

میں ایسے نازک مزاجوں کے پاس بھی جا پہنچتا ہوں جن کے نازک شیشے میری تلخ نوائی سے چور چور ہو جاتے ہیں۔ مگر انہیں تسلی دیتے ہوئے کہتا ہوں:

چمن میں تلخ نوائی میری گوارا کر
کہ زہر بھی کبھی کرتا ہے کارِ تریاقی

میں ان لوگوں کی بات کرتا ہوں جو ذوق مطالعہ سے محروم ہیں۔ میں ان کور ذوقوں کی بات کرتا ہوں جن کے دل دماغ کے دریچے بند ہو چکے ہیں۔ ایسے لوگ میرے ہم مسلک بھی ہیں، میرے حلقہ نشین بھی ہیں، میرے طبقے کے بھی ہیں، میرے ہم عقیدہ بھی ہیں۔ ایسے جمود زدہ حضرات سے قطع نظر میں ایسے لوگوں کا ذکر کرتا ہوں جو مجھے ایک بار دیکھ لیتے ہیں تو بار بار دیکھنے کو آتے ہیں۔ جو میرا ایک ورق پڑھ لیتے ہیں، تو سارے اوراق پڑھے بغیر مجھے اٹھنے نہیں دیتے۔ ایسے لوگ بھی ہیں، جو کبھی کسی کے پاس بیٹھا دیکھتے ہیں، تو مجھے اپنا کہتے ہیں، مجھے آواز دے کر بلاتے ہیں اور محظوظ ہوتے ہیں۔ وہ واقعی میری دل آویز خوشبو سے مست ہوتے ہیں۔ وہ ساری زندگی مجھے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور میرے شریکِ سفر بن جاتے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ جس دن سے پیدا ہوا ہوں، اسی دن سے یہ لوگ مرے ساتھ ساتھ چل رہے ہیں اور یہ مجھے اپنی نظروں سے اوجھل نہیں ہونے دیتے، میں سلام کرتا ہوں تو وہ مرحبا کہتے ہیں۔

میں کبھی کبھی اپنے صفحات کو یارانِ وفا کی یادوں سے مزین کر لیتا ہوں، کبھی کبھی سنی علماء کی باتوں کا تذکرہ کرتا ہوں، کبھی کبھی خطیبوں اور ادیبوں کی ادبی لطافتوں کا ذکر کرتا ہوں، تو میرے قارئین یوں محسوس کرتے ہیں کہ میں ان کے دل کی بات کہہ رہا ہوں۔

؎ میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے!

میں ان کے دل کی بات کہتا جاتا ہوں، میں ان کی زبان بن جاتا ہوں، میں ان کا ترجمان بن جاتا ہوں اور میں یوں محسوس کرتا ہوں جیسے میں ان کے دل کی دھڑکن بن گیا ہوں۔

انہیں کی مطلب کی کہہ رہا ہوں، زبان میری ہے، بات ان کی
انہیں کی محفل سنوارتا ہوں، چراغ میرا ہے، رات ان کی

میں نے اپنی چودہ سالہ زندگی میں باغِ رضا کے پھول چنے ہیں اور انہیں جمع کر کے اپنے قارئین پر نچھاور کیے ہیں۔ میں نے اپنی چودہ سالہ زندگی میں رضا کی زبان کے موتی بکھیرے ہیں۔ میں نے اپنی چودہ سالہ زندگی میں چمنستانِ رضا کے پھولوں کے گلدستے جمع کر کے اپنے قارئین کی نذر کیے ہیں۔

میں کبھی کبھی اپنی غربت کے ہاتھوں نڈھال ہو جاتا ہوں، کبھی کبھی اپنی بے سر و سامانی کی وجہ سے عاجز آجاتا ہوں اور اپنا پرانا سرورق اور تار تار دامن لے کر اپنے قارئین کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہوں۔ وہ اس حال میں بھی مجھے مرحبا کہتے ہیں، خوش آمدید کہتے ہیں اور "بدیر آمدی و درست آمدی" کا نعرہ لگاتے ہیں۔ میں جھوم جھوم جاتا ہوں اور اپنی غربت اور بے سر و سامانی کے سارے غم بھول جاتا ہوں۔ سالہا سال کے سفروں کی تھکاوٹ اور دھول دور ہو جاتی ہے۔ میرے پیارے قارئین میرے مضامین "آب زری خرند و ہچو تیشکری خورند" اور جب میں ان کے در دل پر دستک دیتا ہوں اور وہ اپنے خطوط میں، اپنے مکتوبات میں، اپنے نفاست ناموں میں اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں، تو میں خوشی سے پھولا نہیں سماتا اور پکار اٹھتا ہوں:

خط میں لکھے ہوئے الفت کے پیام آتے ہیں
'کس نفاست کے یہ نامے میرے نام آتے ہیں'

جو لوگ میرے صفحات کے دامن میں لپٹے ہوئے نفاست نامے پڑھتے ہیں ان کے دل و دماغ مہک اٹھتے ہیں اور انہیں میرے قارئین کی محبت اور عقیدت کا اندازہ ہوتا ہے "کس نفاست کے یہ نامے میرے نام آتے ہیں۔" پاکستان کے گوشے گوشے سے آتے ہیں۔ ہندوستان کے دور دراز علاقوں سے آتے ہیں۔ ہندوستان کے اہل علم و فضل سے آتے ہیں۔ کوہ ہمالیہ کے دامن نیپال سے آتے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کی گلنار وادیوں سے آتے ہیں۔ بنگلہ دیش اور سری لنکا کے سرسبز شہروں سے آتے ہیں۔ سرزمین حجاز اور عرب امارات سے آتے ہیں۔ کینیڈا، برطانیہ، جرمنی، ہالینڈ اور ڈنمارک جیسے ممالک سے آتے ہیں۔ آج کا عالم اسلام سارا جہانِ رضا بن گیا، جہاں کے گوشے گوشے سے مجھے نوازا جاتا ہے، میں اسی جہانِ رضا کا "جہانِ رضا" ہوں۔ میں ان لاتعداد احباب کے اسمائے گرامی اپنے محدود دامن میں تحریر نہیں کر سکتا، ورنہ آپ پڑھ کر خوش ہوتے اور دیکھتے کہ علم و فضل کے کتنے ماہتاب و آفتاب مجھے نوازتے رہتے ہیں اور میرے صفحات کو ضیائیں بخشتے رہتے ہیں اور اہل علم کے کارواں کن کن وادیوں سے آتے ہیں۔ مجھے یہ جان کر خوشی ہوتی ہے اور اب میرے کئی ساتھی مختلف شہروں میں مقیم نہایت خوبصورت انداز میں میرے ہم نوا میرے ہم سفر بن گئے ہیں اور وہ فکرِ رضا کو اپنے اپنے انداز میں لوگوں تک پہنچانے میں مصروف ہو گئے ہیں۔ میری دلی تمنا ہے کہ پاکستان اور ہندوستان میں چھپنے والا ہر جریدہ، جو سنیوں کا ترجمان ہے، اپنے دامن

میں تعلیماتِ رضا لے کر نکلے اور نغمات کی جھنکار سے شہر، قصبے اور وادیاں گونج اٹھیں۔ یہ سارے جریدے اپنے صفحات کو ذکرِ مصطفیٰ بزبانِ رضا سے مزین فرما کر اپنے قارئین کو دعوت مطالعہ دیں۔

مجھے بنانے سنوارنے میں پیر زادہ اقبال احمد فاروقی (مدیر) کا بڑا ہاتھ ہے۔ میرے بچپن سے لیکر آج تک انہوں نے مجھے اپنی علمی گود میں کھلایا، پالا، پوسا، جواں کیا اور اپنے قلم کی شیرینی سے نوازا، اپنے قلم سے دودھ پلایا، میری حروف سازی کرتے رہتے ہیں، میری زلفیں سنوارنے میں لگے ہوئے ہیں، اپنی دعاؤں میں میری صحت کا خیال رکھتے ہیں اور مجھے شب و روز خوش رو بناتے رہتے ہیں، حضرت خواجہ علی ہجویری کے زیر سایہ نگاہِ لطف سے نوازتے رہتے ہیں اور کبھی کبھی میری آواز لوگوں تک پہنچانے کے لئے اپنے کندھوں پر بٹھا لیتے ہیں، مجھے علمائے اہلِ سنت کے پاس دور دراز علاقوں تک پہنچاتے رہتے ہیں۔ میں اپنے کن کن محسنوں کا شکریہ ادا کروں۔ میں کن کن اہلِ محبت کا ذکر کروں، سب کے سب میرے چاہنے والے ہیں۔ میں اپنے ہزاروں قارئین کو اپنی یادوں، میں دعاؤں میں یاد رکھتا ہوں جو ہر ماہ مجھے خوش آمدید کہتے ہیں، میرے صفحات پر نگاہِ شوق ڈالتے ہیں۔ مجھے ان محبت والے دوستوں کی اس ادا پر علامہ اقبال کے لفظوں میں کہنے دیجئے:

اڑالی قمریوں نے، طوطیوں نے، عندلیبوں نے
چمن والوں نے مل کر لوٹ لی طرزِ فغاں میری

اللہ تعالیٰ چمن والوں کو زندہ و سلامت رکھے اور میرے دل پر ہاتھ رکھ کر تسلی دیتے رہیں۔

اے اللہ! میرے اوراق پریشان نہ ہوں، میرے صفحات بکھر نہ جائیں، میری آہ و فغاں صدا بہ صحرا نہ ہو، میرا نالۂ دل، نالۂ یتیم نہ بن جائے۔ اے اللہ! میری آواز دلوں کی گہرائیوں تک پہنچے، میرا پیغام محبت بن کر سارے جہانِ رضا میں پھیلے، اگرچہ میں خود "جہانِ رضا" ہوں، جہانِ رضا کا ترجمان ہوں، جہانِ رضا کا ہدی خواں ہوں، جہانِ رضا کا پاسبان ہوں، اور جہانِ رضا کا قدر دان ہوں، پھر رضا کا ثناء خوان ہوں، رضا کا راز داں ہوں، رضا کی زبان ہوں، اور رضا کا بیان ہوں۔

صبا وہ چلے کہ باغ پھلے، وہ پھول کھلے کہ دن ہوں بھلے
لوا کے تلے ثنا میں کھلے، رضا کی زباں تمہارے لئے

(اقبال احمد فاروقی، اداریہ ماہنامہ جہانِ رضا، شمارہ ۱۳۲، جنوری فروری ۲۰۰۷ء، صفحات ۱۳تا۱۴)

منشورات

اداریئے

عنوان	شمارہ (ماہ و سال)	صفحات
"گونج گونج اٹھے ہیں نغماتِ رضا سے بوستان" (مطبوعات پر تشکر)	ش ۱ (مئی ۱۹۹۱ء)	۱
جہانِ رضا کی دنیائے رضویت نے پذیرائی کی	ش ۲ (جون ۱۹۹۱ء)	۱–۴
	ش ۱۲۰ (اکتوبر ۲۰۰۳ء)	۳–۶
مجلسِ رضا کا ابتدائی دور اور موجودہ علماء کا کردار	ش ۳ (جولائی ۱۹۹۱ء)	۱–۷
امام اہلسنت شاہ احمد رضا کے علمی کارنامے	ش ۴ (اگست ۱۹۹۱ء)	۱–۵
(۱) تین ہستیوں کی یادیں		
(۲) تقاریبِ یوم رضا		
(۳) اشاعتِ افکارِ رضا کی ذمہ داری	ش ۵ (ستمبر ۱۹۹۱ء)	۱–۵
	ش ۱۵۲ (مارچ ۲۰۰۸ء)	۶۰–۶۴
(۱) "گونج گونج اٹھے ہیں نغماتِ رضا سے بوستان" (تقاریبِ عرسِ رضا)		
(۲) آؤ قدم بڑھا کے چلیں (اعتقادی فتنوں کا مقابلہ)		
(۳) بیا تا کارِ ایں ملت بسازیم (مجلس کا اشاعتی پروگرام)		
(۴) [سوانح امام اعظم ابو حنیفہ کی طباعت]	ش ۶ (اکتوبر ۱۹۹۱ء)	۱–۴

(۱) شاہ احمد رضا کی تصانیف کی اشاعت میں مرکزی مجلس رضا کا کردار

(۲) اظہار تشکر

(۳) جہانِ رضا کی کارکردگی

(۴) قیدیوں کے لیے (ترجمہ قرآن) کنزالایمان کا تحفہ

(۵) خیابانِ رضا کے گلہائے خوش رنگ ش۷ (نومبر ۱۹۹۱ء) ۱—۳

ترجمہ قرآن، کنزالایمان (از پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد) ش۸ (دسمبر ۱۹۹۱ء) ۱—۳

(۱) ماہنامہ جہانِ رضا کی خدمات

(۲) کنزالایمان جیلوں میں قیدیوں تک پہنچایا گیا

(۳) مجلس رضا کی اشاعتی سرگرمیاں ش۹ (جنوری ۱۹۹۲ء) ۱—۳

(۱) سید ریاست علی قادری کی المناک رحلت

(۲) [اہلِ سنت کے اتحاد کا حال]

(۳) مذہبی خونخوار جماعتیں پاکستان میں ش۱۰ (فروری ۱۹۹۲ء) ۱—۴

(۱) [قانون دان طبقہ میں سنی علمائے کرام پر ایک تاثر]

(۲) [اقتصادی بدحالی]

(۳) کمیونزم کے بت منہ کے بل گر گئے (وسطی ایشیا کی مسلم ریاستیں) ش۱۱ (مارچ ۱۹۹۲ء) ۱—۴

(۱) مدینہ پاک میں مرکزی مجلس رضا کے تذکرے

(۲) (مدیر کی سفرِ حج کی وجہ سے تین ماہ کی غیر حاضری پر) اعتذار و تشکر ش۱۲ (اپریل تا جولائی ۱۹۹۲ء) ۱—۳

(۱) جہانِ رضا کی رفتار پر تجزیہ

(۲) علماء و مشائخ، وزیر اعلیٰ کے دربار میں ش۱۳ (اگست ۱۹۹۲ء) ۴—۵

عید میلادالنبی ﷺ (از پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد) ش۱۴ (ستمبر ۱۹۹۲ء) ۱—۲

رولے اب دل کھول کر اے دیدۂ خونابہ بار (پاکستان میں سیلاب کی تباہی) ش۱۵ (اکتوبر ۱۹۹۲ء) ۱—۴

(۱) [پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد کی لاہور آمد اور ملاقاتیں]

(۲) پاکستان کے اقتصادی حالات پر ایک نظر ش۱۶ (نومبر ۱۹۹۲ء) ۱—۳، ۴۷، ۴۸

(۱) میرا رونا نہیں، رونا ہے یہ سارے گلستاں کا! (گزشتہ اوریے پر آراء)

(۲) پچھلے شمارے کے دو مضامین اور نئی کتب رضا کی پذیرائی ش۱۷ (دسمبر ۱۹۹۲ء) ۱—۳

فرزندانِ توحید اپنے آپ کو سنبھالیں ش۱۸ (جنوری ۱۹۹۳ء) —

سیاسی اور دینی جماعتوں کی کشمکش ش۲۹ (جنوری، فروری ۱۹۹۴ء) ۱—۹

ہم دہشت گرد ہیں یا دہشت زدہ؟ ش۳۶ (جولائی ۱۹۹۴ء) ۱—۴

ش۲۰۴ (اگست ۲۰۱۴ء) ۱۸—۲۱

مولانا محمد اکرم رضوی شہید (از مفتی ابوداؤد صادق رضوی) ش۳۷، ۳۸ (اگست، ستمبر ۱۹۹۴ء) ۱—۵

گرفتہ چینیاں احرام و مکی خفتہ در بطحا (سنیوں کی حالتِ غفلت) ش۳۹ (اکتوبر ۱۹۹۴ء) ۱—۳

اہلِ دل کے کارواں کن وادیوں میں کھو گئے (تبلیغی جماعت اور ہم) ش۴۰ (نومبر ۱۹۹۴ء) ۱—۴

سنی اپنا مقام پہچانیں ش۴۴ (مئی، جون ۱۹۹۵ء) ۳—۱۰

موجودہ دور میں فکرِ رضا کی اہمیت (اور ۱۲ تجاویز) ش۴۵ (جولائی ۱۹۹۵ء) ۳—۱۲

ہماری دینی مجالس میں ناپسندیدہ روایات کا رواج ش۴۶ (اگست ۱۹۹۵ء) ۳—۶

وارثانِ محراب و منبر کی نذر (ائمہ مسجد سے ۱۱ گزارشات) ش۴۷، ۴۸ (ستمبر، اکتوبر ۱۹۹۵ء) ۳—۱۰

ملتان کے خشک صحرا سبزہ زار بن گئے ش۴۹ (نومبر ۱۹۹۵ء) ۳—۷

ان بتوں نے نہ کی مسیحائی (ملی یکجہتی کونسل کا کردار) ش۵۰ (دسمبر ۱۹۹۵ء) ۳—۱۱

علمائے اہلِ سنت اپنے عقائد کا دفاع کریں ش۵۱، ۵۲ (جنوری، فروری ۱۹۹۶ء) ۲—۶

ایک دہشت زدہ قوم کے دہشت زدہ لوگ ش۵۳ (مارچ ۱۹۹۶ء) ۲—۶

نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسمِ شبیری (بعض سجادہ نشینوں کے اعلانات) ش۵۴ (اپریل ۱۹۹۶ء) ۳—۶

حذر اے چیرہ دستاں سخت ہیں فطرت کی تعزیریں (معاشرتی بے راہروی) (از سعید بدر) ش۵۵ (مئی ۱۹۹۶ء) ۳—۵

پاکستان میں ایک خاموش قوت (مذہبی ذہن رکھنے والا طبقہ) ش۵۶ (جون، جولائی ۱۹۹۶ء) ۳—۷

افغانیوں کے کوہ و دمن گل فشاں ہوئے (افغانستان کے حالات) ش۵۸ (ستمبر، اکتوبر ۱۹۹۶ء) ۳—۸

(۱) کیا پاکستان کے سنی متحد نہیں ہو سکتے؟

(۲) مع قدوم زتاج و قدوم زتخت! (حکمرانوں کی رخصتی) ش۵۹ (نومبر، دسمبر ۱۹۹۶ء) ۳—۷

پاکستان میں دینی جماعتوں کا مستقبل ش۶۱ (فروری، مارچ ۱۹۹۷ء) ۳—۷

پاکستان میں اسلامی سربراہی کانفرنس ش۶۲ (اپریل ۱۹۹۷ء) ۲—۴

وقت آگیا ہے صحن چمن گل فشاں کریں (فرقہ وارانہ فسادات) ش۶۳ (مئی ۱۹۹۷ء) ۳—۵
(۱) "گونج گونج اُٹھے ہیں نغماتِ رضا سے بوستان" (یوم رضا اور کام کی رفتار)
(۲) احسان فراموشی کا بھرپور مینڈیٹ (ملکی سیاسی حالات) ش۶۴ (جون، جولائی ۱۹۹۷ء) ۳—۹
اے کہ پنجاہ رفت و در خوابی (آزادی پاکستان کا ۵۰واں سال) ش۶۶ (ستمبر، اکتوبر ۱۹۹۷ء) ۲—۷
رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت (موجودہ سیاسی بحران اور مجوزہ حل) ش۶۷ (نومبر، دسمبر ۱۹۹۷ء) ۲—۸
ذرائع ابلاغ پر دینی دانشوروں کی بوالعجبیاں ش۶۸ (جنوری ۱۹۹۸ء) ۳—۸
(۱) سنی قائدین کا فکری رخ کردار
(۲) مقتدر علماء کے سوانح ارتحال ش۶۹ (اپریل، مئی ۱۹۹۸ء) ۳—۲۲
یوم رضا، یادگار رضا، عرس رضا، فکرِ رضا ش۷۰ (جون، جولائی ۱۹۹۸ء) ۳—۵
بربادیٔ معیشت کے اندھے ترجمان ش۷۱ (اگست ۱۹۹۸ء) ۲—۶
اسامہ بن لادن کون ہے؟ (از خالد محمود قادری) ش۷۲ (ستمبر ۱۹۹۸ء) ۳—۱۱
(۱) پاکستان میں نظام مصطفیٰ کی صبح کی کرنیں
(۲) ایک حکیم کا قتل، جہان علم و شرافت کا قتل (حکیم سعید کا قتل) ش۷۳ (اکتوبر، نومبر ۱۹۹۸ء) ۲—۷
پاکستان کی دینی جماعتوں کا رخ کردار ش۷۴ (دسمبر ۱۹۹۸ء) ۳—۶
خوش قسمت قیادت کے بدقسمت لوگ (پاکستانی حکمران اور عوام) ش۷۵ (جنوری، فروری ۱۹۹۹ء) ۳—۶
دنیا کے گوشے گوشے میں مسلمان دفاعی جنگ لڑ رہے ہیں ش۷۶ (مارچ ۱۹۹۹ء) ۳—۷
ایوان اقتدار میں علمائے کرام کی آمد ش۷۷ (اپریل، مئی ۱۹۹۹ء) ۳—۷
دینی القابات و خطابات کا بے جا استعمال ش۷۸ (جون ۱۹۹۹ء) ۳—۱۱
ش۲۰۲ (مئی ۲۰۱۴ء) ۲—۸
"گونج گونج اُٹھے ہیں نغمات رضا سے بوستان" (تصانیف رضا اور تحقیقات) ش۷۹ (جولائی ۱۹۹۹ء) ۳—۸
ش۱۹۷ (اکتوبر، نومبر ۲۰۱۳ء) ۲—۷
آنکہ شیراں را کنند روباہ مزاج (کارگل کے محاذ کا تجزیہ) ش۸۰ (اگست ۱۹۹۹ء) ۳—۱۰
پاکستان میں دینی جماعتوں پر ایک نظر ش۸۱ (ستمبر، اکتوبر ۱۹۹۹ء) ۲—۷
قاقوم ز تاج و قاقوم ز تخت (حکومت کی فوج کے ہاتھوں برطرفی) ش۸۲ (نومبر ۱۹۹۹ء) ۲—۷

حکیم اہل سنت حکیم محمد موسیٰ امرتسری رحلت فرماگئے ش۸۳ (دسمبر ۱۹۹۹ء) ۱—۴
(۱) اداریہ، شذرہ، انشائیہ، فکریہ، المیہ (فوجی حکومت)
(۲) کہ کٹ سکتا ہے سر خوددار کا پر جھک نہیں سکتا (روسی مسلمانوں کی جدوجہد)
(۳) اے کلیم وادیٔ احمد رضا (وفاتِ حکیم موسیٰ امرتسری)
(۴) آں ساقی نہ ماند! (مولانا نورانی کا استعفیٰ)
(۵) او دیکھو مجھے شہر محبت نے پکارا (سفر حرم) ش۸۴ (جنوری، فروری ۲۰۰۰ء) ۳—۱۳
(۱) پھر ملیں گے سینہ چاکانِ وطن سے سینہ چاک (سنی کانفرنس ملتان)
(۲) [مولانا باغ علی نسیم کی رحلت] ش۸۵ (مارچ ۲۰۰۰ء) ۳—۷
آندھیاں غم کی یوں چلیں، باغ اجڑ کے رہ گیا (سنی جماعتوں کا کردار) ش۸۶ (اپریل، مئی ۲۰۰۰ء) ۲—۸
کھل گیا خورشید کا چہرہ تو بادل چھٹ گیا (فوجی حکومت اور ناموس رسالت) ش۸۷ (جون ۲۰۰۰ء) ۲—۶
(۱) پاکستان میں فوجی حکومت کے دوران دینی جماعتوں کا حشر
(۲) کون تاریک رستوں میں مارے گئے ش۸۸ (جولائی، اگست ۲۰۰۰ء) ۲—۱۲
(۱) پاکستان میں این جی اوز کا کردار
(۲) جہاد کشمیر کی ایک مجاہدہ آسیہ اندرابی ش۸۹ (ستمبر ۲۰۰۰ء) ۳—۱۴
شادم از زندگی خویش کہ کارے کردم (حکیم محمد موسیٰ امرتسری) ش۹۰ (اکتوبر تا دسمبر ۲۰۰۰) ۵—۷
پاکستان میں اللہ کے خلاف جنگ بندی کا اعلان ش۹۱ (جنوری، فروری ۲۰۰۱ء) ۳—۷
(۱) حکیم موسیٰ امرتسری نمبر کی پذیرائی
(۲) پاکستان میں مرزائیت نے پھر سر اٹھایا
(۳) عقیدہ ختم نبوت پر کتاب کی اشاعت ش۹۲ (مارچ ۲۰۰۱ء) ۲—۶
افغانستان میں بت شکنی کی روایت زندہ ہوگئی ش۹۳ (اپریل ۲۰۰۱ء) ۳—۷
(۱) تین بزرگان دین کے اعراس
(۲) پاکستان میں علمی صورت حال
(۳) دار العلوم منظر اسلام بریلی ش۹۴ (مئی، جون ۲۰۰۱ء) ۳—۸
لنڈی سیاست ۔۔۔ اپنی باتیں (ملکی سیاسی صورتحال) ش۹۵ (جولائی ۲۰۰۱ء) ۳—۱۰

(۱) پاکستان میں قادیانی نبوت کا بدبودار پودا

(۲) امریکی سپر پاور کے مینار زمیں بوس ہوگئے ش۹۶ (اگست، ستمبر ۲۰۰۱ء) ۲—۹

مشرق و مغرب میں تیسرے دور کا آغاز ہے (افغانستان کی صورت حال) ش۹۷ (نومبر، دسمبر ۲۰۰۱ء) ۵—۹

افغانستان کے مسلمانوں کو سلام! ش۹۸ (جنوری ۲۰۰۲ء) ۳—۸

پاکستان کے دہشت زدہ حکمران ش۹۹ (فروری ۲۰۰۲ء) ۲—۵

آؤ ایک دوسرے پر تیر برسائیں! (اہل سنت کی عدم اتفاقی) ش۱۰۰ (مارچ ۲۰۰۲ء) ۳—۴

صدر مملکت کا خطاب اور دینی مدارس (از علامہ کوکب نورانی اکاڑوی) ش۱۰۱ (اپریل ۲۰۰۲ء) ۳—۶

زیر زمین حکمرانوں کا انداز حکمرانی (رجال غیب اور حکومتیں) ش۱۰۲ (مئی ۲۰۰۲ء) ۳—۱۰

عالم اسلام، کفار مکہ کے نرغے میں (اور موجودہ حالات پر اطلاق) ش۱۰۳ (جون، جولائی ۲۰۰۲ء) ۲—۶

پاکستان میں علمائے کرام کی مشکلات ش۱۰۴ (اگست ۲۰۰۲ء) ۳—۹

منقبت اصحاب بدر: عظمت بیاں ہو مجھ سے کیا اصحاب بدر کی — ش۲۱۶ (جولائی، اگست ۲۰۱۵ء) — ۴۵

منقبت اہل بیت: یہی تو ہے پہچان آل محمد — ش۲۱۹،۲۱۸ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۱۵ء) — ۴۱—۴۲

منقبت فاروق اعظم: سنو مجھ سے کہانی فاروق اعظم کی — ش۲۱۹،۲۱۸ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۱۵ء) — ۴۴—۴۶

منقبت اکابرین: حاصل شرف ہے آل نبی کے غلام کا — ش۲۱۹،۲۱۸ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۱۵ء) — ۴۶—۴۷

منقبت: سیدنا امیر حمزہ: نبی کے ام مکرم امیر حمزہ ہیں — ش۲۲۹ (اگست ۲۰۱۶ء) — ۴۷

نازش (حنیف نازش)

منظوم تحسین حدائق بخشش: تری صدا سے مہکنے لگی بہار خیال — ش۷۷ (اپریل، مئی ۱۹۹۹ء) — ۸—۱۰

ناظم (بشیر حسین ناظم)

منظوم تحسین جہان رضا: معطر معنبر جہان رضا ہے — ش۲۵،۲۴ (جون، جولائی ۱۹۹۳ء) — ۵۶

تحسین موسیٰ امرتسری: اے نقیب مسلک عشق و ادب مرد حکیم — ش۲۷،۲۶ (اگست، ستمبر ۱۹۹۳ء) — ۳۴

نام ندارد

منقبت سیدہ فاطمہ: ہذا علی من شم تربۃ احمد — ش۱۲ (اپریل تا جولائی ۱۹۹۲ء) — ۳۱

منقبت سیدنا علی: امن بعد تخمین النبی ودفنیہ — ش۱۲ (اپریل تا جولائی ۱۹۹۲ء) — ۳۲

ش۱۹۲ (اکتوبر ۲۰۱۲ء) — ۲

منقبت سیدنا صدیق اکبر: یا مین فائکی ولا تسامی — ش۱۸۹ (مئی تا جون ۲۰۱۲ء) — ۲

منقبت سیدہ عائشہ صدیقہ: متی یبدو فی الداجی البہیم جبینہ — ش۱۸۹ (مئی تا جون ۲۰۱۲ء) — ۲

منقبت حضرت عباس بن عبد المطلب: من قبلہا طبت فی الظلال وفی — ش۱۹۲ (اکتوبر ۲۰۱۲ء) — ۳

منقبت حضرت حمزہ بن عبد المطلب: حمدت اللہ حین فؤادی — ش۱۹۲ (اکتوبر ۲۰۱۲ء) — ۶۳

نظر (پروفیسر جمیل نظر)

منقبت رضا: جلوہ ہے نور ہے کہ سراپا رضا کا ہے — ش۲۱۶ (جولائی، اگست ۲۰۱۵ء) — ۴۷

ہنر (مولانا عبد السلام رضوی)

منظوم خراج عقیدت برائے جہانِ رضا — ش۱۰۳ (جون، جولائی ۲۰۰۲ء) — ۷

واحد (ابو الحسن واحد رضوی)

منقبت رضا: عشق احمد میں نکھر نے والے — ش۲۴۰ (جون ۲۰۱۷ء) — ۴۶

منقبت رضا: آیئے ذہن کو چمکاتے ہیں — ش۲۴۰ (جون ۲۰۱۷ء) — ۴۷

مرثیہ

شاعر۔ مطلع عنوان	شمارہ (ماہ و سال)	صفحات
اسید الحق عاصم قادری، مولانا		
نالۂ درد: مجھ سے احباب یہ کہتے ہیں قصیدہ لکھو	ش ۱۱۰ (اپریل، مئی ۲۰۰۳ء)	۱۴—۱۵
مجبور (سید عارف محمود مجبور رضوی)		
بن گیا عبرت کدہ ہر ایک اپنا آستاں	ش ۴۲ (مارچ ۱۹۹۵ء)	۴۴
رو لے اے دل کھول کر یا دیدہ خونابہ بار	ش ۱۱۱ (جون، جولائی ۲۰۰۳ء)	۷—۱۱
داتا کے شہیدوں کے لہو کی یہ صدا ہے	ش ۱۱۸ (جولائی ۲۰۰۴ء)	۱۸
دست قاتل مری سانسوں کا ہے نگراں ہوا	ش ۲۰۳ (جون ۲۰۱۴ء)	۴۸
رمضان کا تقدس فریاد کر رہا ہے	ش ۲۲۷، ۲۲۸ (جون، جولائی ۲۰۱۶ء)	۱۰۱—۱۰۲

دیگر منظومات

شاعر۔ مطلع عنوان	شمارہ (ماہ و سال)	صفحات
آسی (پروفیسر محمد حسین آسی)		
اے ہمارے بادشاہو! اے وزیرو، حاکمو	ش ۱۳۲ (فروری ۲۰۰۶ء)	۵۸—۵۹
اقبال (ڈاکٹر محمد اقبال)		
تو نے پوچھی ہے امامت کی حقیقت مجھ سے	ش ۱۰۲ (مئی ۲۰۰۲ء)	۳۹
امجد (حکیم محمد امجد رضوی)		
خوش نصیبی سے رواں ہے سنیوں کا کارواں	ش ۱۸۰ (مارچ ۲۰۱۱ء)	۲۵—۲۶
راحت ملک		
یورپ کے دہشت گرد	ش ۱۱۴ (دسمبر ۲۰۰۳ء)	۲۱
سعیدی (محمد صلاح الدین سعیدی)		
توہین رسالت کبھی ہونے نہیں دیں گے	ش ۱۳۴ (اپریل ۲۰۰۶ء)	۶۳
مجبور (سید عارف محمود مجبور رضوی)		
بنا ہے بش کا مصاحب پھرا ایسے اتراتا	ش ۱۱۴ (دسمبر ۲۰۰۳ء)	۲۲
بولیں وہ بھانت بھانت کی نہ بولیاں	ش ۱۲۹ (اکتوبر ۲۰۰۵ء)	۲۶—۲۷
دکھ درد مٹانے ہیں تو قرآن کو سمجھو	ش ۲۱۸، ۲۱۹ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۱۵ء)	۴۰—۴۱
ناظم (بشیر حسین ناظم)		
منظوم استغاثہ بہ حضور رحمۃ للعالمین ﷺ	ش ۱۵۴ (جون، جولائی ۲۰۰۸ء)	۲۴—۲۶

قطعات و مادہ ہائے تاریخ

شاعر۔ عنوان	شمارہ (ماہ و سال)	صفحات
حسن خان، محمد		
قطعات و مادہ ہائے تاریخ ارتحال حکیم محمد موسیٰ امرتسری	ش۸۳ (دسمبر ۱۹۹۹ء)	۴۱—۴۲
رضاؔ (احمد رضا محدث بریلوی)		
قطعہ تاریخ وصال ناصر میاں (ایک نئی دریافت)	ش۹۵ (جولائی ۲۰۰۱ء)	۱۸
صابرؔ (صابر براری)		
قطعہ تاریخ "خوان رحمت" از بشیر حسین ناظم در سلام رضا	ش۳۰ (مارچ ۱۹۹۴ء)	۵۸
طارقؔ (عبدالقیوم طارق سلطان پوری)		
قطعہ تاریخ وصال مفتی شجاعت علی قادری	ش۲۰ (مارچ ۱۹۹۳ء)	۲۷
قطعہ تاریخ "خوان رحمت" از بشیر حسین ناظم در سلام رضا	ش۳۰ (مارچ ۱۹۹۴ء)	۵۲
قطعہ تاریخ اشاعت "تحفہ درود شریف" (فارسی)	ش۷۰ (جون، جولائی ۱۹۹۸ء)	۲۷—۲۸
قطعہ سال وصال امام احمد رضا محدث بریلوی (فارسی)	ش۷۰ (جون، جولائی ۱۹۹۸ء)	۲۸—۲۹
قطعہ سال وصال سید عابد حسین قادری، بانی دارالعلوم دیوبند	ش۷۱ (اگست ۱۹۹۸ء)	۲۴—۲۶
دارالعلوم منظر اسلام بریلی شریف، تاریخی اعداد کے آئینے میں	ش۹۳ (اپریل ۲۰۰۱ء)	۳۹—۴۰
جہان رضا کی خدمت میں قطعہ تاریخ	ش۱۰۴ (اگست ۲۰۰۲ء)	۳۹
قطعہ تاریخ طباعت "حیات اعلیٰ حضرت"	ش۱۱۳ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۳ء)	۲۱
قطعات تاریخ وصال اعلیٰ حضرت، مولانا نقی علی، مولانا حامد رضا، شکل رسول	ش۱۱۷ (اپریل ۲۰۰۴ء)	۲۱—۲۳
قطعہ تاریخ طباعت "باتوں سے خوشبو آئے"	ش۱۳۷ (اگست ۲۰۰۶ء)	۳۵—۳۶
قطعہ تاریخ طباعت "فکر فاروقی": کیا اک عبد حق آگاہ نے یہ کار مستحسن	ش۱۴۳ (مارچ ۲۰۰۷ء)	۵۰
قطعہ تاریخ طباعت "فکرِ فاروقی": دانش فروز و آگہی افزا ادارے	ش۱۵۴ (جون، جولائی ۲۰۰۸ء)	۲۱
قطعہ سال طباعت "مجالس علماء": کتب اس کی مسلسل آرہی ہیں	ش۱۵۶ (ستمبر ۲۰۰۸ء)	۲۵—۲۸

شاعر۔ عنوان	شمارہ (ماہ و سال)	صفحات
عبدالنعیم عزیزی، ڈاکٹر		
مادہ ہائے سال وصال حکیم محمد موسیٰ امرتسری	ش۸۵ (مارچ ۲۰۰۰ء)	۱۱
غلام یحییٰ انجم، ڈاکٹر		
مادہ ہائے سال وصال حکیم محمد موسیٰ امرتسری	ش۸۵ (مارچ ۲۰۰۰ء)	۲۶
غلامؔ (غلام مصطفی مجددی)		
قطعہ: کچھ جہان رضا کے بارے میں	ش۱۳۶ (جون، جولائی ۲۰۰۷ء)	۳۶
فداؔ (ابو طاہر فدا حسین)		
قطعہ تاریخ رحلت غلام مرتضیٰ برادر حکیم موسیٰ امرتسری	ش۶۷ (نومبر، دسمبر ۱۹۹۷ء)	۲۹
قطعہ تاریخ وصال میاں محمد غیاث الدین	ش۷۰ (جون، جولائی ۱۹۹۸ء)	۸۸
کعبیؔ (پروفیسر منیر الحق کعبی)		
قطعہ سال وفات علامہ شمس بریلوی	ش۶۳ (مئی ۱۹۹۷ء)	۵۰—۵۱
کوکبؔ (علامہ ڈاکٹر کوکب نورانی اکاڑوی)		
مادہ ہائے سال ولادت و وصال حکیم محمد موسیٰ امرتسری	ش۸۳ (دسمبر ۱۹۹۹ء)	۳۰
متینؔ (متین کاشمیری)		
قطعات و مادہ ہائے تاریخ ارتحال حکیم محمد موسیٰ امرتسری	ش۸۳ (دسمبر ۱۹۹۹ء)	۳۵—۳۶
قطعہ تاریخ وصال پیرزادہ اقبال احمد فاروقی	ش۱۹۸ (جنوری ۲۰۱۳ء)	۹
مہجورؔ (سید عارف محمود مہجور رضوی)		
قطعہ تاریخ اجراء جہانِ رضا	ش۹ (جنوری ۱۹۹۲ء)	۴
قطعہ تاریخ رحلت سید ریاست علی قادری	ش۱۰ (فروری ۱۹۹۲ء)	۷
قطعہ تاریخ وصال مفتی شجاعت علی قادری	ش۲۰ (مارچ ۱۹۹۳ء)	۲۸
قطعات در مدح رضا	ش۳۹ (نومبر ۱۹۹۵ء)	۲۳—۲۴
قطعات مدح و سال وصال حکیم محمد موسیٰ امرتسری	ش۶۵ (اگست ۱۹۹۷ء)	۲۷—۳۵
قطعہ تاریخ وصال مسعود ملت: چل دیے سوئے ملک عدم	ش۱۵۵ (اگست ۲۰۰۸ء)	۳۸
قطعات تاریخ ہائے وصال	ش۱۵۵ (اگست ۲۰۰۸ء)	۱۰۸

دیگر مشمولات

مرقعات

خطاطی

عبارت	شمارہ (ماہ و سال)	صفحات
آن ختم رسل امیر ایوان وجود	ش۱۶۷ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۹ء)	۲۸
	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۶
	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۸
	ش۱۹۶ (مئی ۲۰۱۳ء)	۱۸
آیات قرآنیہ (متفرق)	ش۹۰ (اکتوبر تا نومبر ۲۰۰۰ء)	۱۵
	ش۹۰ (اکتوبر تا نومبر ۲۰۰۰ء)	۲۳۱
	ش۹۰ (اکتوبر تا نومبر ۲۰۰۰ء)	۲۵۱
	ش۹۰ (اکتوبر تا نومبر ۲۰۰۰ء)	۲۶۴
	ش۹۰ (اکتوبر تا نومبر ۲۰۰۰ء)	۳۵۰
	ش۹۰ (اکتوبر تا نومبر ۲۰۰۰ء)	۳۶۳
	ش۹۰ (اکتوبر تا نومبر ۲۰۰۰ء)	۲
	ش۱۶۷ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۹ء)	۲
	ش۹۸ (جنوری ۲۰۰۲ء)	۴۰
ای قبی کہ عرش یکپایہ اوست	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۱۸۱
ان الذین عند اللہ الاسلام	ش۱ (مئی ۱۹۹۱ء)	۸
ان اللہ وملئکتہ	ش۱۹۶ (مئی ۲۰۱۳ء)	۷۱
انا اعطینک الکوثر	ش۱۹۶ (مئی ۲۰۱۳ء)	۴۰
بادرحمت سنک سنک جائے	ش۱۰۱ (اپریل ۲۰۰۲ء)	۲۷
	ش۷۴ (دسمبر ۱۹۹۸ء)	۴۳،۴۴
باصد ہزار شوق وطرب تا بروز حشر	ش۵۴ (اپریل ۱۹۹۶ء)	۴۵
بلغ العلی بکمالہ	ش۱۰۰ (مارچ ۲۰۰۲ء)	۴۸

عبارت	شمارہ (ماہ و سال)	صفحات
	ش۱۲۵ (اپریل، مئی ۲۰۰۵ء)	۲
الحمد للہ خشی الخلق من عدم	ش۱۰۱ (اپریل ۲۰۰۲ء)	۳۲
خواہم کہ ہمیشہ در وفائے تو زیم	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۱۲۱
	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۵
	ش۱۹۳ (نومبر تا دسمبر ۲۰۱۲ء)	۲
	ش۱۹۵ (مارچ، اپریل ۲۰۱۳ء)	۱۱
سلام علیک ای نبی مکرم	ش۱۰۱ (اپریل ۲۰۰۲ء)	۳۱
الطرق کلھا اداب	ش۹۰ (اکتوبر تا نومبر ۲۰۰۰ء)	۳۲۵
قل اباللہ وایتہ ورسولہ	ش۱۷۹ (جنوری فروری ۲۰۱۱ء)	۳۲ (حصہ ب)
کمال عشق ومستی ظرف خیدر	ش۷۷ (اپریل، مئی ۱۹۹۹ء)	۴۲،۵۱
لایسر عبد	ش۱۶۷ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۹ء)	۱۲
لایمکن الثنا کما کان حقہ	ش۱۶۷ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۹ء)	۵۷
لایومن احدکم	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۱۰۸
	ش۱۹۶ (مئی ۲۰۱۳ء)	۱۲
اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد وبارک وسلم	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۱۳۱
	ش۱۹۵ (مارچ، اپریل ۲۰۱۳ء)	۲۶
	ش۱۹۶ (مئی ۲۰۱۳ء)	۲۶
المجاھدہ من جاھد نفسہ	ش۱ (مئی ۱۹۹۱ء)	۱۰
	ش۲ (جون ۱۹۹۱ء)	۱۰
محمد رسول اللہ والذین معہ	ش۹۳ (اپریل ۲۰۰۱ء)	۵۰
محمد صلی اللہ علیہ وسلم	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۲۱۰
مسلمان آں فقیر کج کلاہے	ش۹۳ (اپریل ۲۰۰۱ء)	۲۱،۳۳
	ش۹۵ (جولائی ۲۰۰۱ء)	۳۰
	ش۱۸۸ (اپریل ۲۰۱۲ء)	۴۱

من یخش الرحمن الغیب	ش۴۴ (مئی، جون ۱۹۹۵ء)	۶۳
نیو رتو برافروزم نگہ را	ش۱۳۶ (جولائی ۲۰۰۶ء)	۲
نصر من اللہ و فتح قریب	ش۴۴ (مئی، جون ۱۹۹۵ء)	۵۰
نوازش دل ما کن کہ دل نواز توئی	ش۲۰۹ (جنوری ۲۰۱۵ء)	۱۳
ہر گاہ بہ بینی ز کسی عیب و ہنر	ش۹۳ (اپریل ۲۰۰۱ء)	۳۱
	ش۹۵ (جولائی ۲۰۰۱ء)	۱۰
ورفعنا لک ذکرک	ش۱۹۶ (مئی ۲۰۱۳ء)	۴۳
یارب چو مصطفیٰ را من بہر تو ستودم	ش۲۰۹ (جنوری ۲۰۱۵ء)	۳۰
یا رسول اللہ انظر حالنا	ش۲۰۴ (اگست ۲۰۱۳ء)	۲۶
یا صاحب الجمال و یا سید البشر	ش۱۶۷ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۹ء)	۴۳
	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۱۳۶
	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۷
	ش۱۹۳ (جنوری، فروری ۲۰۱۳ء)	۲
یا ایہا الذین آمنو	ش۱۱۶ (فروری، مارچ ۲۰۰۴ء)	۱
	ش۱۳۱ (جنوری ۲۰۰۶ء)	۱
	ش۱۳۲ (فروری ۲۰۰۶ء)	۱
یارب چو مصطفیٰ را من بہر تو ستودم	ش۱۸۱ (اپریل ۲۰۱۱ء)	۱۰۰

سرورق

نام کتاب، مطبع	شمارہ (ماہ و سال)	صفحات
احمد جاوید فاروقی پبلشرز کی متفرق کتب کے سرورق	ش۱۹۲ (نومبر، دسمبر ۲۰۱۲ء)	۶۳
اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور	ش۴۳ (اپریل ۱۹۹۵ء)	۲۲–۲۹
	ش۷۷ (اپریل، مئی ۱۹۹۹ء)	۶۴
باتوں سے خوشبو آئے نعت صلاح الدین سعیدی مدرج اسلام فاؤنڈیشن لاہور	ش۱۳۵ (مئی، جون ۲۰۰۶ء)	۶۱
بزرگان دین کا اردو نعتیہ کلام از صلاح الدین مدرج اسلام فاؤنڈیشن لاہور	ش۱۴۷ (اگست ۲۰۰۷ء)	۴۱
تفسیر نبوی (۱۵ جلد) (مترجم: اقبال فاروقی) مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور	ش۸۸ (جولائی، اگست ۲۰۰۰ء)	۸۰
	ش۵۵ (مئی ۱۹۹۶ء)	۶۳–۶۴
	ش۶۱ (فروری، مارچ ۱۹۹۷ء)	۵۵
جہان امام ربانی مجدد الف ثانی مطبوعہ امام ربانی فاؤنڈیشن کراچی	ش۱۲۲ (جنوری ۲۰۰۵ء)	۴۶
حیات اعلیٰ حضرت مولفہ ظفر الدین رضوی مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور	ش۱۱۷ (مئی، جون ۲۰۰۴ء)	۴۴
	ش۱۲۳ (فروری ۲۰۰۵ء)	۷–۸
	ش۱۱۳ (ستمبر، اکتوبر ۲۰۰۳ء)	۶۳–۶۴
خیابان رضا مرتبہ اقبال احمد فاروقی مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور	ش۱۵۸ (دسمبر ۲۰۰۸ء)	۶۴
الدولۃ المکیہ از شاہ احمد رضا مترجم اقبال فاروقی، مکتبہ نبویہ لاہور	ش۹۶ (اگست، ستمبر ۲۰۰۱ء)	۸۰
سیرت ابن اسحاق (مترجم: اظہر نعیمی، اقبال فاروقی) مکتبہ نبویہ	ش۸۸ (جولائی، اگست ۲۰۰۰ء)	۷۹
شرف النبی مولفہ امام نیشاپوری، احمد جاوید فاروقی پبلشرز لاہور	ش۱۲۴ (مارچ ۲۰۰۵ء)	۶۴
شواہد النبوۃ مولفہ عبد الرحمٰن جامی (ترجمہ: بشیر ناظم) مکتبہ نبویہ	ش۵۵ (مئی ۱۹۹۶ء)	۶۳–۶۴
کلیات مکاتیب رضا از غلام جابر شمس، مکتبہ نبویہ لاہور	ش۱۳۰ (نومبر، دسمبر ۲۰۰۵ء)	بیک کور
ماہنامہ اشرفیہ مبارکپور کا سیدین نمبر مطبوعہ جامعہ اشرفیہ انڈیا	ش۱۱۱ (جون، جولائی ۲۰۰۳ء)	۴۳
مجالس علماء (مرتبہ: محمد عالم مختار حق) مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور	ش۱۳۹ (اکتوبر، نومبر ۲۰۰۷ء)	بیک کور
مسلم کتابوی کی شائع کردہ متفرق کتب کے سرورق	ش۲۲۹ (اگست ۲۰۱۶ء)	۴۸

مولانا احمد رضا خاں بریلوی

امام اہلسنت اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ احمد رضا خاں قادری قدس سرہ بتاریخ ۱۰ شوال، ۱۲۷۲ھ، ۱۸۵۶ء بریلی (یوپی) میں پیدا ہوئے اور بروز جمعہ بتاریخ ۲۵ صفر المظفر، ۱۳۴۰ھ کو اس خاک دانِ ارضی سے رخصت ہو کر بارگاہ خداوندی میں حاضر ہوئے۔ آپ کی ۶۸ سالہ زندگی کے شب و روز خدمت دین میں گزرے۔ صبح و شام کا سفر خدمت دین کا سفر رہا۔ آپ نے اس عرصہ میں بے شمار کتابیں لکھیں، بے شمار فتاویٰ لکھے اور ہزاروں لوگوں کو اپنی علمی مجالس اور گفتگو سے متاثر کیا۔ آپ کا زمانہ برصغیر پاک و ہند میں اعتقادی افراتفری کا دور تھا۔ انگریز ۱۸۵۷ء کی ناکام جدوجہد کے بعد سارے برصغیر میں اپنی اقتداری قوتوں کے ساتھ چھا چکا تھا۔ اس نے اسلامی سلطنت کی تباہی و بربادی کے علاوہ جہاں جہاں غیر مسلم، ہندو، سکھ یا مرہٹہ سیاسی قوتیں تھیں، انہیں بھی نیست و نابود کر دیا۔ ان تمام عسکری اور سیاسی قوتوں میں سے اُسے مسلمانوں کی قوت سے بڑا خطرہ تھا کیونکہ مسلمان کئی سو سال اس سرزمین میں شاندار حکمرانی کے نقش قائم کر چکے تھے اور جنگ آزادی میں مسلمانوں نے ہی انگریز کے خلاف بڑھ چڑھ کر علم بغاوت بلند کیا تھا۔

انگریزوں نے اپنی استعماری قوت کو مضبوط کرنے کے لئے برصغیر میں اسلامی قوت پر خصوصی نظر رکھی اور اگر کسی کونے گوشے سے اسلام کے نام لینے والے کسی رنگ میں ابھرے تو انہیں پارہ پارہ کرنے میں کوتاہی نہ کی۔ وہ اس قوت سے خائف تھے۔ انھوں نے استعماری اور اقتداری قوت آزمائی کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کے ایمانی جذبے کو فرو کرنے اور اسے اعتقادی طور پر کمزور کرنے کے لئے وسیع پیمانے پر انتظامات کئے۔ اس نے مغربی ممالک سے عیسائی پادریوں کو درآمد کر کے سارے برصغیر میں پھیلا دیا اور انہیں اپنی پشت پناہی میں ہر جگہ توانائی دی تاکہ کھلے

بندوں عیسائیت کی تبلیغ کر سکیں۔ ان پادریوں نے اپنے مشنری ادارے قائم کئے جو اسلام اور ہادی اسلام کے خلاف زہر چکانی کرتے۔ عیسائیت کے اس طوفان نے مسلمانوں کو نظریاتی طور پر پریشان کر دیا۔ دوسری طرف اس نے مقامی طور پر اسلام کے اندر ہی اعتقادی فتنے بیدار کر دیئے، ان کی خفیہ طور پر پرورش کی اور ہر بد عقیدہ کو اسلام کے خلاف ہرزہ سرائی کرنے کی جرات دے دی۔ اس طرح وہ اسلام کو ٹکڑوں میں بانٹنے میں کامیاب ہو گئے۔ اس دور میں مسلمانوں کے اندر سینکڑوں اعتقادی فتنے ابھرے۔ نیچریت، دیوبندیت، وہابیت اور چکڑالویت جیسے کئی فتنے قرآن وحدیث سناتے ہوئے طوفان بن کر اسلامی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے۔ ان میں مرزائیت (قادیانیت) ایک ایسا فتنہ تھا جسے انگریز کی نہ صرف تائید اور سرپرستی حاصل تھی بلکہ اسے مفاد پرست ملاں، بد عقیدہ علماء بھی انگریز کا خود کاشتہ پودا کہنے لگے۔ حقیقت بھی یہی تھی کہ اس فتنہ نے نہ صرف ختم نبوت سے انکار کیا بلکہ بڑی جرات کے ساتھ ایک نبی بھی سامنے لا کھڑا کیا۔ یہ سارے خانوادے اہلسنت کے قافلہ حق سے ٹوٹ ٹوٹ کر علیحدہ ہوئے تھے اور انگریز کی شہ پر اہلسنت کی اعتقادی عمارت کی جڑیں کاٹنے لگے تھے۔

اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اسی پُر فتن دور میں ابھرے۔ انگریزوں کی چالوں کو دیکھا، پادریوں کی ریشہ دوانیوں پر نگاہ ڈالی پھر اپنوں کو دیکھا جو کٹ کٹ کر مختلف فرقوں اور نظریات میں بٹتے جا رہے تھے۔ پھر یہ لوگ ہی علماء کی شکلوں میں، شعراء کی شکلوں میں، ادباء کی شکلوں میں، معلمین اور متکلمین کی شکلوں میں بڑھ چڑھ کر فوج در فوج، موج در موج اور قطار در قطار قلعہ سنیت پر حملہ آور ہونے لگے۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نے یہ صورت حال دیکھی تو تڑپ اٹھے۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر رسول اللہ ﷺ کا علم اٹھایا اور سنیت کے قلعے کی دیوار پر کھڑے ہو گئے اور برصغیر کے تمام سنیوں کو پکارا کہ آگے بڑھو اور ان فتنوں کے مقابلہ میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جاؤ۔ آپ کی اس آواز پر راس کماری سے لے کر خیبر تک تمام سنی علماء کرام اٹھ کھڑے ہوئے، آپ کی آواز پر لبیک کہا اور آپ کی زیر کمان عقائد اہلسنت کی حفاظت کے لئے جمع ہو گئے۔ وہ اپنے امام کی آواز پر لبیک کہنے کے لئے آگے بڑھے۔

آپ کی موجودگی میں بریلی کے اس حلقۂ علم میں دنیائے سنیت کے وہ آفتاب و ماہتاب جمع ہوئے جنہوں نے آگے چل کر برصغیر پاک وہند کو چکا چوند کر دیا۔ بد عقیدہ علماء کا مقابلہ کیا اور

عقائد اہلسنت کی حفاظت میں زندگیاں وقف کر دیں۔ یہ مجمعے، یہ مجلسیں اور یہ مناظر دیدنی تھے۔ اعلیٰ حضرت بریلوی جلوہ فرما ہیں، مولانا وصی احمد محدث سورتی موجود ہیں، مولانا عبدالسلام جبل پوری تشریف فرما ہیں، مولانا امجد علی اعظمی (صاحبِ "بہارِ شریعت") مجلس کی زینت ہیں، صدر الافاضل محمد نعیم الدین مراد آبادی مجلس کی جان ہیں، مولانا ابو المحمود احمد اشرف جیلانی محفل کا حسن ہیں، سید دیدار علی شاہ الوری موجود ہیں، مولانا عبدالعلیم صدیقی میرٹھی (والد مکرم شاہ احمد نورانی) دست بستہ ہیں، منشی لعل محمد خان قلمدان انتظام سنبھالے بیٹھے ہیں، مولانا حامد رضا علماء کی خدمت کے لئے کمر بستہ ہیں، شہزادہ محمد مصطفیٰ رضا خاں (مفتی اعظم ہند) شب و روز خدمت میں کھڑے ہیں، مولانا برہان الحق جبل پوری ابن مولانا عبدالسلام جبل پوری کھڑے ہیں، مولانا حسنین رضا خاں مسودات کو نقل کر رہے ہیں، حضرت مولانا حسن رضا خاں بریلوی نعت رسول کے گلدستے لئے کھڑے ہیں۔ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

حلقۂ اعلیٰ حضرت کے یہ اہل علم و دانش اپنے ہزاروں شاگردوں کے ساتھ ملک کے مختلف حصوں میں پھیل کر عقائد اور نظریات کی نشوونما میں مصروف ہو گئے۔ عیسائی پادریوں اور دوسرے بد عقیدہ لوگوں کے حملوں کا دفاع کرنے لگے۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے ان جانثار علماء کرام اور ان کے ہزاروں شاگردوں نے ملک کے گوشے گوشے میں اپنے دینی مراکز قائم کئے، درسگاہیں بنائیں، ارشاد و تبلیغ کی بارگاہیں سجائیں اور جگہ جگہ پہنچ کر عوام کے عقائد کی درستی کا فریضہ سرانجام دیا۔ آج پاک وہند کے مسلمانوں میں محبت رسول اللہ ﷺ کی ساری خوشبوئیں، گلستانِ رضویت (بریلی) کی نسیم بہار کا ثمر ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت کی ذات گرامی آج سنیت کی سند ہے اور آپ کے نظریات اہلسنت کے لئے ایسا سرٹیفکیٹ ہے، جسے سارے عالم اسلام میں تسلیم کیا جاتا ہے۔

فاضل بریلوی نے ملک کے گستاخان رسول علماء کے تیور دیکھے تو کہا:

اور تم پر میرے آقا کی عنایت نہ سہی
نجدیو! کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا؟

آپ کی اس للکار نے ان فتنہ سامانوں کو مزید تیز کر دیا۔ وہ طوفان بن بن کر اہلسنت کی اعتقادی عمارتوں سے ٹکرانے لگے۔ اب انگریز بہادر خوش تھا کہ:

؎ اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے!

مرزائی، شیعہ، مجددی، وہابی، رافضی، چکڑالوی اور نیچری جیسے سینکڑوں فرقے اعلیٰ حضرت کی نگاہ میں تھے، آپ ان سے چومکھی لڑائی لڑے۔ آپ کی تحریر، آپ کا بیان اور آپ کا قلم نشتر بن کر ان بدعقیدہ لوگوں کے سینے میں اترتا گیا:

ع وہ رضا کے نیزے کی مار ہے کہ عدو کے سینے میں غار ہے

آج اگر اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کی تمام تحریروں، مقالات، فتاویٰ، مکتوبات، ملفوظات، تعلیقات، تنقیدات، تفہیمات اور جوابات کو سامنے رکھا جائے تو آپ محسوس کریں گے کہ اسلام کا ایک جانثار عظمت مصطفےٰ کا جھنڈا اٹھائے، چاروں طرف کے دشمنان اہلسنت سے سرپا جنگ ہے۔

آج کا مورخ اس نابغۂ روزگار ہستی کے کمالات اور قوت کو داد دیئے بغیر نہیں رہ سکے گا، جب وہ دیکھے گا کہ اعلیٰ حضرت نے ان دینی فتنوں کی سرکوبی کے لئے کتنی طویل جنگ لڑی۔ آج کا نوجوان (بعض سنی علماء کرام بھی) اور سیاست دان بھی اپنے امام اہلسنت کی پامردی کا اندازہ نہیں کر سکتے۔ جس نے برصغیر کے اعتقادی طوفانوں کا سخت جاں کوشی اور پامردی سے مقابلہ کیا تھا۔ اعتقادی تاریخ میں شاید ہی اعلیٰ حضرت سے بڑھ کر کوئی مثال مل سکتی ہو۔ آج کا سنی اپنے اعتقادی ورثہ کا مالک ضرور ہے مگر اسے غالباً یہ اندازہ نہیں کہ اسے محفوظ کرنے کے لئے اعلیٰ حضرت بریلوی اور ان کے ساتھیوں نے کتنے مصائب کے سمندر عبور کئے۔ آج ہم اپنی مسجدوں اور خانقاہوں میں "مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام" کی دل آویز صداؤں سے قلب و روح کو تازہ تو کر لیتے ہیں مگر ہمیں ان تاریخی تلخیوں کا اندازہ نہیں کر سکتے جن سے گزر کر یہ نغمہ جاں فزا ہم تک پہنچا تھا۔ آج کے کچھ علماء اہلسنت ڈھیلے ڈھالے اور بھولے بھالے ہیں وہ دبے دبے، سہمے لجے، سہمے سہمے اور پریشان نظر آتے ہیں حالانکہ ان کا قافلہ سالار تو ہندوستان اور پاکستان کے سارے فتنوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کو للکارا کرتا تھا۔

(ماخوذ: اداریہ از قلم اقبال احمد فاروقی ماہنامہ جہان رضا، شمارہ ۴، اگست ۱۹۹۱ء، صفحات ۱تا۴)

حکیم محمد موسیٰ امرتسری

مرکزی مجلس رضا پاکستان کے بانی حکیم محمد موسیٰ امرتسری (م۔ ۱۹۹۹ء) نے امام اہلسنت اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے نظریات کی اشاعت میں جس مستعدی اور مسلسل حکمت عملی سے کام کیا اس کی مثال برصغیر پاک و ہند میں نہیں ملتی۔ آپ کی اس بے مثال جدوجہد کو علمائے کرام اور مشائخ عظام نے بھرپور انداز میں سراہا۔ اپنے تو اپنے فاضل بریلوی کے نظریات سے اختلاف رکھنے والے دانشوروں نے بھی ہدیہ تحسین پیش کیا۔ آپ کی ان خدمات کی تفصیلات پاک و ہند کے اخبارات، میگزین، ماہناموں اور سابقہ دو عشروں میں شائع ہونے والی بے شمار کتابوں کے دیباچوں میں ملتی ہیں۔ ماہنامہ جہان رضا لاہور کے صفحات خصوصی طور پر حکیم اہلسنت کی علمی اور اعتقادی خدمات پر روشنی ڈالتے رہے ہیں۔

ہم چونکہ "مرکزی مجلس رضا پاکستان" کے قیام سے پہلے حکیم صاحب کی مجالس میں آتے جاتے رہے ہیں، اندرون حالات ہم ان مشاہداتی واقعات پر ہی روشنی ڈالیں گے جن سے بانیٔ مرکزی مجلس رضا کی علمی اور اعتقادی خدمات کی ایک جھلک سامنے آجائے۔ ایک زمانہ تھا جب حکیم محمد موسیٰ امرتسری رام گلی لاہور میں ایک مختصر سا مطب کرتے تھے۔ آپ کو دینی کتابوں کے مطالعہ سے بڑی دلچسپی تھی اور بعض ملکی رسائل میں آپ کے مضامین بھی چھپتے رہتے تھے۔ ان علمی مشاغل کی وجہ سے آپ کے مطب پر بیماروں کے علاوہ اہل علم بھی آتے اور آپ سے مختلف موضوعات پر گفتگو کرتے۔ آپ کے اس علمی حلقہ میں بلا امتیاز مذہب و مسلک ہر قسم کے لوگ آتے۔ آپ ہر موضوع پر نہایت تحمل سے اپنا نکتہ نظر بیان کرتے۔ ایک وقت آیا کہ آپ کا یہ علمی حلقہ بڑھتا گیا، پھیلتا گیا اور آپ کی دانشورانہ گفتگو کا اہل علم میں چرچا ہونے لگا۔

ان دنوں حکیم مرحوم کا معمول تھا کہ نماز جمعہ ادا کرنے کے لیے حضرت داتا گنج بخش لاہوری کی جامع مسجد جاتے۔ نماز پڑھنے کے بعد سید ابوالحسن ہجویری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار پر حاضری دیتے، فاتحہ پڑھتے، داتا صاحب کے مزار کے باہر بازار میں آتے تو نوری کتب خانہ میں آ بیٹھتے۔ ان دنوں نوری کتب خانہ حضرت سید محمد معصوم شاہ نوری الگیلانی کی نگرانی میں کام کر رہا تھا۔ اس کتب خانے کی خصوصیت یہ تھی کہ اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا کے رسائل چھپتے اور نہایت ارزاں ہدیہ پر لوگوں کو دیے جاتے۔ حکیم صاحب ہر جمعہ کی نماز کے بعد نوری کتب خانہ سے چند کتابیں خریدتے اور سید محمد شاہ نوری رحمۃ اللہ علیہ کی مجالس سے فیضیاب ہوتے۔ ان دنوں گنج بخش روڈ پر مکتبہ نبویہ اور 'المعارف' کھلے تو حکیم صاحب ان کتب خانوں پر ضرور آتے، اپنی دلچسپی کی کتابیں خریدتے۔ آپ کا یہ بھی معمول تھا کہ مسلم مسجد کے زیر سایہ مولوی شمس الدین تاجر کتب نادرہ کی دکان پر ضرور آتے۔ یہ دکان ایک طرف نادر و نایاب کتابوں کا ذخیرہ تھی دوسری طرف کتاب دوست اہل علم و فضل کا مرجع تھی۔ حکیم صاحب نے اس دکان پر نایاب کتابوں سے شناسائی حاصل کی، پھر یہاں پر آنے والے علم و فضل سے تعارف ہونے لگا اور آپ کا علمی حلقہ وسیع سے وسیع تر ہو گیا۔

ہمیں یاد ہے کہ (۱۹۶۸ء میں) حکیم صاحب نے اہل علم احباب کا ایک اجلاس طلب کیا۔ یہ اجلاس مولانا محمد سعید نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ (جو ان دنوں جامعہ مسجد شاہ محمد غوث بیرون اکبری دروازہ لاہور کے خطیب تھے) کے حجرے میں ہوا تھا۔ جس میں حکیم صاحب نے ایک منصوبہ پیش کیا کہ اہلسنت کی اعتقادی کتابوں کی اشاعت کی جائے۔ وہ محسوس کرتے تھے کہ پاکستان میں سنیوں کی اکثریت کے باوجود کتابی دنیا اور اشاعتی میدان میں بہت کم کام ہو رہا ہے۔ آپ نے مولانا محمد سعید احمد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ عبدالنبی کوکب کو تصنیفی اور تالیفی کام کا سربراہ منتخب کیا اور بعض مفید کتابوں کی اشاعت کے لیے آمادہ کیا اور ساتھ ہی یہ اعلان کیا کہ لاہور میں "یوم رضا" کا انعقاد ہونا چاہیے۔ اجلاس میں ان تینوں بزرگوں کے علاوہ مولانا حاجی علی نسیم، مولانا محمد شفیع رضوی، مولانا قیوم الٰہی مرغانی اور راقم (اقبال احمد فاروقی) کے ساتھ چند اور مقامی علماء تھے۔ اسی مجلس میں ہی تمام حضرات نے فنڈ جمع کیا اور کام کا آغاز ہوا۔

مولانا سعید احمد نقشبندی اور مولانا عبدالنبی کوکب کے ذمہ چند اعتقادی کتابوں کے تراجم لگائے گئے اور حکیم صاحب خود "یوم رضا" کی تیاری کے لیے شب و روز کام کرنے لگے۔ اس وقت

تک "مرکزی مجلس رضا" کا باقاعدہ نام یا قیام عمل میں نہیں آیا تھا۔ حکیم صاحب اور مولانا کوکب مرحوم کی خواہش تھی کہ 'یوم رضا' کے موقع پر اپنے روایتی علماء کرام کے علاوہ دوسرے دانشوروں اور ادیبوں کو بھی سامنے لایا جائے اور وہ بھی امام احمد رضا کی علمی خدمات پر بات کریں۔ اس سلسلہ میں حکیم صاحب بذات خود کئی دانشوروں کے پاس گئے اور انھیں یوم رضا پر تقریر کرنے پر آمادہ کیا۔ دوسری طرف علامہ عبدالنبی کوکب نے بعض ادیبوں، دانشوروں اور غیر سنی مشاہیر سے رابطہ کر کے ان کے پیغامات اکھٹے کیے۔

"یوم رضا" کا پہلا اجلاس برکت علی محمڈن ہال موچی دروازہ لاہور میں منعقد ہوا۔ جس میں روایتی علماء کرام سے ہٹ کر نئے چہرے سامنے آئے، نئے نئے بیانات آئے، نئے انداز آئے اور جو لوگ امام اہلسنت مولانا احمد رضا کے افکار ان کی کتابوں سے ناآشنا تھے۔ وہ بھی فاضل بریلوی کی تعریف میں رطب اللسان بن گئے۔ اس اجلاس میں اپنے علماء میں سے مولانا عبدالستار خاں نیازی، مولانا محمد شفیع اوکاڑوی، مولانا غلام علی اوکاڑوی کے علاوہ نئے نئے مقررین لائے گئے۔ یہ پہلا تجربہ تھا جس نے سنی علماء میں اعلیٰ حضرت کی کتابوں کے مطالعہ کی اہمیت کو بیدار کیا۔ "یوم رضا" کی روئیداد چھپی تو اس میں مقررین کے علاوہ کئی دانشوروں کے پیغامات چھپے اور حکیم صاحب نے اسے ملک کے گوشے گوشے تک پھیلا دیا۔ سنی حلقہ علمی رابطے کے اس انداز سے آشنا نہ تھا مگر جہاں جہاں یوم رضا کی روئیداد پہنچی لوگ حکیم صاحب سے رابطہ کرنے لگے۔

علامہ عبدالنبی کوکب نے ہر سال یوم رضا کی رپوٹیں مرتب کیں اور حکیم صاحب نے انھیں چھپوا کر 'دائرۃ المصنفین لاہور' کی طرف سے شائع کیا۔ ان رپورٹوں میں پہلی بار ارباب علم و فضل نے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کی شخصیت اور ان کے علمی کارناموں پر اپنے تاثرات کا اظہار کیا تھا۔ اپنے تو اپنے اعلیٰ حضرت کے مخالفین نے بھی فاضل بریلوی کی فقہی اور علمی بصیرت کو خراج تحسین پیش کیا۔ یہ ایک نیا انداز تھا جسے اہل علم سنیوں نے بے حد پسند کیا اور اس طرح لوگوں میں اعلیٰ حضرت کی کتابوں کی جستجو کا ذوق پیدا ہوا۔

"یوم رضا" اور ان کی روئیدادوں کی اشاعت کے بعد حکیم محمد موسیٰ امر تسری کی شخصیت علمائے اہلسنت میں ابھرتی ہوئی نظر آئی۔ حکیم صاحب نے یوم رضا کا اہتمام اور لٹریچر کی اشاعت کی ذمہ داری خود سنبھال کر اپنے مخلص احباب کے ساتھ مل کر اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے افکار کی

اشاعت پر بھرپور کام کا آغاز کیا۔ "یوم رضا" برکت علی محمدن ہال کے بجائے نوری مسجد ریلوے اسٹیشن لاہور میں منایا جانے لگا۔ ملک کے مقتدر علمائے کرام اور دانشور اس اسٹیج پر اظہار خیال کرنے لگے۔ حکیم صاحب مرحوم کی عادت تھی کہ قابل ترین علماء کرام اور بڑے سنجیدہ دانشوروں کا انتخاب کرتے اور انھیں خود موضوعات دیتے اور لوگ دور دراز سے چل کر آتے۔ جلسہ میں عمدہ خیالات کا اظہار ہوتا۔ سامعین کا زیادہ حصہ علمی بصیرت کا مالک ہوتا اور اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے اعتقادی نظریات سے دلچسپی رکھتا۔ یوم رضا کی تقریب بڑی باوقار اور شاندار ہوتی۔ حکیم صاحب خود سارا دن دروازے پر کھڑے ہوتے، آنے والوں کا استقبال کرتے، سٹیج پر علماء کا کنٹرول ہوتا اور حکیم صاحب ایک کارکن کی حیثیت سے شام تک کام کرتے۔ یوم رضا کی تقریبات سے فارغ ہو کر مرکزی مجلس رضا نے اشاعتی کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا شروع کر دیا۔ "یوم رضا" پر بڑا شاندار اشتہار چھپتا جو کتابت اور طباعت کا ایک عمدہ نمونہ ہوتا پھر اسے سارے پاکستان میں ڈاک کے ذریعہ پھیلا دیا جاتا۔ مجھے یاد ہے ایک بار حکیم صاحب نے "یوم رضا" کے دس ہزار اشتہار چھپوا کر ملک کے گوشے گوشے تک پہنچائے اور اشتہاری زبان میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کا تعارف کرایا۔ دوسری طرف آپ نے اعلیٰ حضرت کی کئی کتابیں، ان کے علوم پر کئی رسالے چھپوا کر مفت تقسیم کرنا شروع کر دیئے۔ "مرکزی مجلس رضا" کے اسٹیج سے حکیم صاحب کی نگرانی میں ہزاروں نہیں لاکھوں کتابیں چھپتیں اور تقسیم ہوتیں۔

حکیم محمد موسیٰ امر تسری رحمۃ اللہ علیہ نے شب و روز ایک کر دیا۔ اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا کے تعارف کے لیے صبح و شام وقف کر دیئے۔ آپ کے احباب رات گئے تک کتابوں کے پارسل تیار کرتے اور علی الصبح ڈاک کے حوالے کرتے جاتے۔ حکیم صاحب رات گئے تک اپنے چند رضاکاروں کو لے کر لاہور کے گلی کوچوں میں پہنچتے، اشتہار لگواتے اور لاہور کے لوگ صبح اٹھتے تو دیواروں پر اشتہار دیکھ کر کہتے:

؎ گونج گونج اٹھے ہیں نغمات رضا سے بوستان

ہم ان کتابوں کی تفصیلات میں نہیں جانا چاہتے جو مرکزی مجلس رضا نے شائع کی تھیں مگر اعلیٰ حضرت کی سب سے پہلی کتاب "تجلی المشکوٰۃ" چھپی اور بڑی خوبصورت چھپی، پانچ ہزار چھپی۔ وہی کتاب مکتبہ نبویہ نے ایک ہزار چھپوا کر کتابی مارکیٹ میں پھیلا دی۔ حکیم صاحب کا طریق کار یہ

تھا کہ جو شخص دینی مسائل سے دلچسپی رکھتا، اسے ایک کتاب ضرور دیتے۔ کئی علماء، طلباء، کئی دفتری کلرک، کالجوں کے کئی نوجوان حکیم صاحب کے پاس جاتے، مفت کتابیں حاصل کرتے۔ پھر کئی ڈاک کے ذریعہ ملک کے دانشوروں، پروفیسروں، وکیلوں، ججوں، خطیبوں، ادیبوں اور صحافی دنیا کے افراد کے گھر پہنچا دیتے۔ کوئی اتفاق کرے یا نہ کرے "مرکزی مجلس رضا" کی چھپی ہوئی ہر کتاب اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے نظریات لے کر لوگوں کے گھر پہنچ جاتی۔ مولانا محمد سعید شبلی کی ایک کتاب فضائل درود شریف پر چھپی، ہزار نہیں دو ہزار نہیں دس ہزار چھپ کر تقسیم ہوئی۔ جو لوگ اعلیٰ حضرت کے نام سے چڑتے تھے، وہ جب "مرکزی مجلس رضا" کی طرف سے ایسی کتابیں پاتے تو ان کے دلوں کے گوشے نرم ہو جاتے اور آہستہ آہستہ حضور کی محبت کی نسیم جاں فزاء ان کے دلوں کو تازہ جھونکا دیتی۔ اعلیٰ حضرت سے بے رخی کے باوجود ان کی زبانوں پر ہوتا:

؎ مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

ریڈیو پر میلاد کی محفلیں منعقد ہونے لگیں۔ ان میں اعلیٰ حضرت کی نعتیں اور سلام رضا پڑھا جانے لگا۔ حکیم صاحب نے رسالوں کی اشاعت سے ابھر کر "فتاویٰ رضویہ" چھپوانے کا پروگرام بنایا۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ اعلیٰ حضرت کے عقائد و نظریات ہر سمت سے عوام تک پہنچیں۔

یہ وہ زمانہ تھا جب دیوبندی مکتب فکر اور جماعت اسلامی کے دانشور اپنی تحریروں سے لوگوں کے دل و دماغ کو متاثر کر رہے تھے۔ یہ لوگ یونیورسٹیوں، کالجوں، سکولوں، مدرسوں میں اسلام کے نام پر کتابیں شائع کر دیتے تھے حالانکہ یہ لوگ تشکیل پاکستان کے مخالف تھے۔ قیام پاکستان کے وقت ہندؤں کی سیاسی جماعتوں کے کیمپوں سے نکل نکل کر پاکستان کے خلاف تقریریں کیا کرتے تھے۔ جب پاکستان بن گیا تو پاکستان میں چلے آئے۔ یہ لوگ عوام کے سامنے آنے کے بجائے 'پناہ گیر' بن گئے اور اپنے عقائد اور نظریات کو کتابوں کے ذریعہ پھیلانے لگے۔ مرکزی مجلس رضا کو اس بات کا سخت دکھ تھا کہ پاکستان کے مخالف، نظریہ پاکستان کے مخالف، عقائد اہلسنت کے مخالف، اعلیٰ حضرت کے نظریات کے مخالف تو دینی قیادت کے کرتا دھرتا بن گئے مگر پاکستان پر جان دینے والے صحیح العقیدہ اور سنی علماء و مشائخ گوشہ نشین ہو گئے ہیں۔

؎ منزل انھیں ملی جو شریک سفر نہ تھے

حکیم صاحب نے ان حالات کا مطالعہ کیا، آگے بڑھے اور گلی کوچہ پھر کر دیکھا،

بدعقیدہ لوگ دندناتے پھر رہے ہیں اور جو لوگ حضور کے شیدائی ہیں وہ گوشہ نشین ہیں۔ انھیں اس بات کا بڑا دکھ تھا۔ وہ اٹھے اور تہیہ کرکے اٹھے کہ مظلوم سنیوں کو بیدار کریں گے اور برصغیر کے ایک مظلوم راہنما (شاہ احمد رضا) کی تعلیمات کو عام کریں گے۔ مرکزی مجلس رضا سے پہلی دفعہ جب ملک شیر محمد اعوان کی کتاب "محاسن کنزالایمان" چھپ کر ملک میں پھیلی تو لوگوں کی آنکھیں کھل گئیں کہ دیوبندی علماء نے قرآن کے تراجم میں کتنی گستاخیاں کی ہیں اور عامیانہ ترجمے کیے ہیں۔ جب لوگوں نے کنزالایمان اور دیوبندی حضرات کے قرآنی ترجموں کا موازنہ کیا تو حیران رہ گئے، ان کی آنکھیں کھل گئیں کہ یہ لوگ دین کے ناموں پر لوگوں کو کن راہوں پر لے جا رہے ہیں۔ حکیم صاحب نے محاسن کنزالایمان کی بیس ہزار کاپیاں چھپوا کر ملک میں تقسیم کیں تو لوگ ششدر رہ گئے، ہزاروں لوگ دیوبندیوں کے اردو تراجم سے دست کش ہو گئے۔

ہمارے ایک دانشور پنجاب کے ایک محکمہ کے ڈائریکٹر تھے۔ وہ دیوبندی مکتب فکر کی علمی خدمات کے بڑے معترف تھے، ان کے تراجم قرآن کے بڑے مداح تھے۔ حکیم صاحب کی ڈاک نے انھیں "محاسن کنزالایمان" پہنچایا، انھوں نے مطالعہ کیا، تراجم کا موازنہ کیا، پھر کیا تھا جب بھی اپنی مجالس میں قرآنی ترجموں کی بات کرتے، کہتے: "جو کتاب جس کی چاہو پڑھو، مگر قرآن کا ترجمہ پڑھنا ہو تو صرف 'کنزالایمان' ہی پڑھو۔" یہ تھا وہ فکری انقلاب جو حکیم محمد موسیٰ امر تسری مرحوم کی اشاعتی کوششوں سے پیدا ہوا۔

حکیم صاحب مرحوم مرکزی مجلس رضا کی چھپی ہوئی کتابیں ہندوستان بھر کے علمائے اہلسنت کی طرف روانہ کرتے اور مسلسل روانہ کرتے رہے جس سے ہندوستان میں بھی فاضل بریلوی کا چرچا نئے انداز سے ہونے لگا۔ مرکزی مجلس رضا نے ایک سو سے زیادہ کتابیں شائع کیں۔ ہر کتاب کے کئی کئی ایڈیشن چھپے اور تقسیم ہوئے۔ اعلیٰ حضرت کی کئی کتابیں پشتو اور سندھی میں چھپیں اور علاقائی طور پر لوگوں کو متاثر کرتی رہیں۔ ان کتابوں نے ایک جہان کو خوش کام کیا۔ حکیم صاحب کی ایک عادت تھی کہ وہ اپنی مجلس میں بیٹھنے والے اہل علم کو افکار رضا پر لکھنے پر آمادہ کرتے۔ ان سے کتابیں لکھواتے، چھپواتے اور تقسیم کرتے۔ آج ہمارے ملک میں کتنے ہی ایسے ارباب علم و قلم موجود ہیں جو مرکزی مجلس رضا سے متاثر ہوئے اور آگے چل کر فاضل بریلوی کے ترجمان بن گئے۔ ایک علمی قافلہ تیار ہوا جو فکر رضا کو لے کر دنیا کے گوشے گوشے پہنچا۔ ایک مرکز بنا، جس کی

روشنیاں چار دانگ عالم میں پھیلتی گئیں۔ ایک چشمہ جاری ہوا جو دماغوں کی خوابیدہ وادیوں کو سیراب کرتا گیا۔ ہم یہ واقعات اس لیے نہیں لکھ رہے کہ ایک شخص کی مدح سرائی کی جائے۔ ہم تو اپنے نوجوان علمائے دین کو بتانا چاہتے ہیں کہ دین کے کام کے لیے اگر ایک طبیب، ایک حکیم، ایک محمد موسیٰ عزم کرکے اٹھ کھڑا ہو تو سارا گلستان مہک اٹھتا ہے، سارا دبستان جاگ اٹھتا ہے، سارا جہان جگمگا اٹھتا ہے!

آج ہمارے پاس علمائے کرام کی کمی نہیں، اچھا لکھنے والوں کی کمی نہیں، خوبصورت لکھنے والوں کی کمی نہیں، اگر کمی ہے تو اس عزم کی ہے جو انسان کو ستاروں پر کمندیں ڈالنے پر آمادہ کر دیتا ہے۔ ہم اپنی اس تحریر میں مرکزی مجلس رضا کی اشاعتی سرگرمیوں اور اس کے بانی حکیم محمد موسیٰ امر تسری رحمۃ اللہ علیہ کی رپورٹ پیش نہیں کر سکے۔ مگر ہم نے ایک طائرانہ انداز سے اپنے قارئین کے سامنے وہ باتیں لانے کی کوشش کی ہے جو حکیم اہل سنت کی شبانہ روز زندگی کا عکس تھیں۔ یہ باتیں چھوٹی چھوٹی ہیں، روزمرہ کی باتیں ہیں، دارا و سکندر کی داستان حیات نہیں، قیصر و کسریٰ کا تذکرہ نہیں، یہ تو ایک درویش بے نوا کی شبانہ روز جدوجہد کی باتیں ہیں!

الحمدللہ "مرکزی مجلس رضا" آج بھی حکیم اہلسنت کی متعین راہ پر رواں دواں ہے، بے سروسامانی کے باوجود ہزاروں کتابیں شائع کرکے مفت تقسیم کر رہی ہے۔ مرکزی مجلس رضا کا ترجمان "ماہنامہ جہان رضا" افکار رضا کی اشاعت میں سرگرم عمل ہے۔ اس میں رضویت کے بلند پایہ اہل قلم کے مقالات و افکار چھپتے ہیں، اس میں فکر رضا کی جھلکیاں نظر آتی ہیں، اسے اہل علم اور اہل ذوق دل جمعی سے پڑھتے ہیں اور پورے اعتماد سے "جہان رضا" کی تحریروں کو پسند کرتے ہیں۔ انھیں امام احمد رضا بریلوی کی تعلیمات کی ضرورت پڑتی ہے تو وہ بلا جھجک مرکزی مجلس رضا کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہیں۔

یہ کتنی خوشی کی بات ہے کہ آج دنیا کے مختلف ممالک میں افکار رضا کے جھنڈے لہراتے نظر آتے ہیں اور ہر زبان میں کتابیں چھپ رہی ہیں۔ امریکہ، یورپ، افریقی علاقے اور عالم اسلام کے تمام ممالک میں فکر رضا کی روشنیاں پھیل رہی ہیں۔ آج صرف ایک شہر لاہور سے کنزالایمان کی سات لاکھ جلدیں ہر ماہ چھپ کر دنیا کے گوشے گوشے تک پہنچ رہی ہیں۔ 'کنزالایمان' کے تراجم در تراجم چھپ رہے ہیں۔ مختلف اشاعتی ادارے اس کار خیر میں سرگرم عمل ہیں۔ آج پاکستان میں

دیوبندیوں، غیر مقلدوں کے کئی اشاعتی ادارے "کنزالایمان" شائع کر کے عوام تک پہنچا رہے ہیں۔ ہندوستان میں بعض سکھ اور ہندو ناشرین بھی کنزالایمان شائع کر رہے ہیں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ کنزالایمان کو جو مقبولیت حاصل ہے وہ کسی دوسرے ترجمہ قرآن کو نصیب نہیں ہوئی۔

ع چمن میں ہر طرف بکھری ہوئی ہے داستاں میری!

اس کے باوجود مسلکِ رضا اور افکارِ رضا کی اشاعت کی ابھی بہت ضرورت ہے۔ پاکستان کی اکثریت (سوادِ اعظم) سنی العقیدہ لوگوں پر مشتمل ہے۔ انھیں بعض فرقے اپنے لٹریچر سے گمراہ کرتے رہتے ہیں اور بعض سیاسی تنظیمیں بددل بھی کرتی رہتی ہیں۔ عوام تشنہ لب ہیں۔ انھیں اعتقادی راہنمائی کی ضرورت ہے۔ ان کی خواہش اور ضرورت کے مطابق انھیں دینی راہنمائی نہیں مل رہی۔ علماء کرام کا یہ فرض منصبی ہے کہ وہ قوم کی راہنمائی کریں اور انھیں بدعقیدہ تنظیموں کے رحم و کرم پر نہ چھوڑیں۔ مسلکِ رضا پر صرف جلسے اور وعظ کے مجمع نہ سجائیں، حقیقی طور پر مسلکِ رضا پر لوگوں کو دعوت دیں۔ جو حضرات زبان کی شیرینی سے مسلکِ رضا لوگوں تک پہنچا سکتے ہیں وہ اللہ کی خوشنودی کے لیے آگے بڑھیں۔ جو قلم کار اپنی روشن تحریروں سے راہنمائی کر سکتے ہیں وہ آگے بڑھیں اور اچھے انداز میں لٹریچر مہیا کریں تاکہ نوجوان طبقہ ان سے استفادہ کر سکے۔ روزی کمانا، اپنے بچوں کو پالنا، اپنے جاہ و جلال کو برقرار رکھنے کے لیے روپیہ پیسہ حاصل کرنا انسانی زندگی کا خاصہ ہے اور اس کے لیے ہمارے مسلک کے بعض علماء کرام دیارِ مغرب کے سفر کرتے رہتے ہیں۔ یہ بری بات نہیں۔ مگر اپنے مسلک کی خاطر تھوڑا سا وقت نکال لیں، لوگوں کی توجہ دلائیں، دنیا داروں کو ترغیب دیں تو مسلک کا کام بھی ہوتا رہے۔ پیرانِ عظام بھی مسلکِ رضا کی طرف توجہ دیں، اپنے حلقۂ عقیدت میں پڑھے لکھے حضرات سے کام لیں تو ایک انقلاب برپا ہو سکتا ہے۔

آخر میں ہم مقتدر سنی علمائے کرام اور صاحبزادگان ذوالاحترام کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ مسلکِ رضا کے لیے "مرکزی مجلسِ رضا" کی خدمات حاصل کریں، اس کے فورم کو استعمال میں لائیں، اس کی راہنمائی فرمائیں، اس کی مشکلات کا اندازہ کریں اور اس انداز سے کام کریں کہ دنیا بھر کے سنی حضرات کی پیاس بجھ جائے۔

(ماخوذ: 'حکیم محمد موسیٰ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ: اعتقادی اور فکری خدمات، افکارِ رضا کی روشنی میں' مصنفہ اقبال احمد فاروقی، مشمولہ ماہنامہ جہانِ رضا، شمارہ ۹۷، نومبر دسمبر ۲۰۰۱ء، صفحات ۲ تا ۲۱)

پیرزادہ اقبال احمد فاروقی

پیرزادہ اقبال احمد فاروقی "مرکزی مجلسِ رضا" کے نگران، ماہنامہ "جہانِ رضا" کے ایڈیٹر اور مکتبہ نبویہ لاہور کے مالک ہیں۔ آپ نے حکیم محمد موسیٰ امرتسری کی رفاقت میں پچاس سال گزارے اور ایک طویل عرصے تک مرکزی مجلسِ رضا کے اشاعتی پروگرام میں مشیر رہے۔ آپ ضلع گجرات کے ایک گاؤں شاہدیوال میں ۱۹۲۸ء میں پیدا ہوئے۔ مڈل کا امتحان مقامی سکول سے پاس کیا۔ ۱۹۳۹ء میں لاہور آئے اور مولانا نبی بخش حلوائی کے درس میں شریک ہوئے۔ ۱۹۴۴ء میں منشی فاضل اور ۱۹۴۶ء میں مولوی فاضل پنجاب یونیورسٹی سے کیا۔ انجمن حزب الاحناف کے اساتذہ سے درسِ نظامی پڑھا۔ گریجویشن کے بعد پنجاب یونیورسٹی اور ینٹل کالج سے ایم اے کیا۔ لاء کالج سے قانون کا امتحان پاس کیا۔ سرکاری دفاتر میں ملازمت کی اور حکومت پنجاب کے مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ ۱۹۶۲ء میں مکتبہ نبویہ کی بنیاد رکھی۔ دینی کتابوں کی اشاعت کا ایک سلسلہ جاری کیا اور کئی کتابوں کی تالیف و تصنیف پر قلم اٹھایا۔ بہت سی علمی کتابوں کے تراجم کیے اور دنیائے علم و فضل میں متعارف ہوئے۔

مرکزی مجلسِ رضا کے تعطل کے بعد آپ نے حکیم محمد موسیٰ امرتسری کی سرپرستی میں کام شروع کیا اور اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے افکار و نظریات پر تین لاکھ سے زیادہ کتابیں شائع کیں۔ ۱۹۹۱ء میں ماہنامہ جہانِ رضا جاری کیا تو اعلیٰ حضرت کے علمی اور اعتقادی مقامات پر بلند پایہ مقالات لکھوا کر پاک و ہند کے علاوہ بیرون ممالک میں پہنچائے۔

راقم الحروف (محمد عالم مختار حق) کا فاروقی صاحب سے نیاز مندی کا عرصہ نصف صدی سے زائد پر محیط ہے۔ مجھے یوں یاد پڑتا ہے کہ میں کتابوں کی تلاش میں مختلف کتب خانوں میں جایا کرتا تھا۔ اس سلسلے میں مولوی شمس الدین نادرہ کتب فروش زیرِ مسلم مسجد لاہور کے ہاں بھی جایا کرتا تو فاروقی صاحب کو بھی تلاش کتب میں مصروف پاتا۔ چنانچہ مولوی صاحب موصوف کی دکان ہی ہمارے راہ و رسم کی ابتدا کا سبب بنی۔ پھر حکیم اہل سنت حکیم محمد موسیٰ امرتسری کی مجالس میں حاضری میں ان کی مزید قربت نصیب ہوگئی۔

مجھے یاد ہے کہ آج سے ۵۵ برس پہلے فاروقی صاحب محکمہ صنعت میں ایک افسر کی حیثیت سے اپنے فرائض منصبی سرانجام دے رہے تھے۔ ان کا دفتر لاہور میں چوبرجی کے پاس پونچھ ہاؤس میں میرے راستے میں پڑتا تھا۔ میں دفتر سے چھٹی کرکے کبھی کبھار ان کے پاس جا بیٹھتا۔ ان کے دفتر میں ایک صاحب تھے، سید سبطین شاہجہانی۔ وہ فاروقی صاحب کے عملے کے ایک فرد تھے۔ وہ نعت گو شاعر بھی تھے اور نعت خواں بھی۔ اس حوالے سے فاروقی صاحب کے کمرے میں ایک ہلکی پھلکی محفل نعت منعقد ہو جاتی۔ اب معلوم ہوا کہ سبطین شاہجہانی صاحب روحانی منازل طے کرکے پیر طریقت کے درجے پر فائز ہو چکے ہیں اور ان دنوں سلطان الاولیاءؒ جہ حاوی العصر حبیب رحمانی محبوب جعفری اسلام آباد کے سجادہ نشین اور خلیفہ اکبر ہیں۔

یہ عظمتیں ہیں مقدر کسی کسی کے لیے!

مجھے یہ فخر بھی حاصل ہے کہ اس نصف صدی کے دوران فاروقی صاحب کا میں رفیق قلم بھی رہا اور جلیس محفل بھی۔ بلکہ اب تک میرا معمول ہے کہ میں ہفتہ کے دن ان کے مکتبہ نبویہ داتا گنج بخش روڈ پر ملاقات کے لیے حاضر ہوتا ہوں۔ اس حوالے سے میں آپ کے علمی و ادبی کارناموں کا شاہد ہوں۔ اور قدم قدم پر ان کی رفاقت نے مجھے عزت بخشی۔ انہوں نے بھی میری اس دوستی اور کتاب سے وابستگی کی ہمیشہ قدر کی اور اپنے نہاں خانہ دل میں جگہ دی۔ وہ مرکزی مجلس رضا کے رکن تھے اور مجھے بھی مرکزی مجلس رضا میں کام کرنے کا موقع ملتا تھا۔ اس حوالے سے ہم دونوں حکیم محمد موسیٰ امرتسری کی علمی اور مسلکی مجلس کے رفیق رہے ہیں۔ پھر ایک وقت آیا کہ فاروقی صاحب نے ماہنامہ جہانِ رضا کے ذریعہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے افکار کو پھیلانا شروع کیا تو میں ان کا رفیق قلم بنا اور اس شاندار علمی جریدہ کی ترتیب و اشاعت اور اس کی پیش رفت میں

فاروقی صاحب کا معاون بننے پر مجھے فخر حاصل ہے۔

فاروقی صاحب ایک ہمہ جہت شخصیت کے مالک ہیں۔ وہ صرف ماہنامہ جہانِ رضا کے مدیر ہی نہیں بلکہ ایک بلند پایہ مفکر اسلام، دانشور، ادیب، مستند عالم دین، شخصیت نگار، اعلیٰ درجہ کے قلم کار، سیاست حاضرہ پر عقابی نظر رکھنے والے، عصری تقاضوں سے باخبر اور ایک منفرد طرز نگارش کے موجد بھی اور خاتم بھی۔

اے پیکرِ خوبی! تجھے کس نام سے پکاروں

فاروقی صاحب قلم برداشتہ لکھتے ہیں اور خوب لکھتے ہیں اور اس پر نظر ثانی کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے۔ فارسی اساتذہ کے منتخب اشعار کا ذخیرہ ان کے نہاں خانہ دماغ میں محفوظ ہے۔ اُردو کے جدید شعراء کے کلام پر بھی ان کی نظر ہے۔ کوئی اچھا شعر پڑھ یا سن لیں تو وہ ان کے دماغی کمپیوٹر میں اس طرح فیڈ ہو جاتا ہے کہ بوقت ضرورت بغیر بٹن دبائے ہی ان کی نوک زبان پر آجاتا ہے۔ بعض اوقات حالات کا تجزیہ کرتے وقت بعض اشعار میں ان کا معمولی سا تصرف واقعہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے میں ممد ثابت ہوتا ہے۔

وہ جب اداریہ لکھنے پر آتے ہیں تو اپنے منتخب کردہ موضوع کا حق ادا کر دیتے ہیں۔ ان کے قلم سے نکلے ہوئے اداریے ہمارے اس دعویٰ پر شاہد عادل ہیں۔ خاص طور پر جب ملک کے سیاسی بحران پر خامہ فرسائی کرتے ہیں تو ان کی رگ فاروقیت پھڑک اٹھتی ہے اور وہ

رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن!

بن کر اصحاب بست و کشاد و صاحبان ذوی الاقتدار کے لیے 'رضا کے نیزے کی مار' ثابت ہوتے ہیں اور بلا خوف و خطر اپنے دل کی بات بیان کر دیتے ہیں۔

اسی طرح وہ اپنے اداریوں میں ہم مسلک علمائے کرام کی فکری و تنظیمی صلاحیتوں کو بھی بیدار کرتے رہتے ہیں۔ ان کی بے حسی، بے اتفاقی کو جھنجھوڑتے ہوئے شعور و آگہی کی ترغیب دینے کے لیے قلم کی خفتہ صلاحیتوں کی مہمیز لگاتے ہیں۔ باطل نظریات اور قوتوں کے خلاف مضبوط چٹان کی طرح ڈٹ جاتے ہیں اور اقبالؔ کے الفاظ میں:

ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق
یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

فاروقی صاحب بڑے زندہ دل، خوش طبع اور بذلہ سخن واقع ہوئے ہیں۔ آپ ان کی مجلس میں ہوں یا ان کے ساتھ سفر کا واسطہ پڑ جائے، وہ آپ کو بور ہونے نہیں دیں گے۔ وہ آپ کو صرف کتابی باتیں نہیں سنائیں گے بلکہ چشم دید واقعات سے بھی محظوظ فرمائیں گے۔ ایسے میں ان کے لیے دل سے دعا نکلتی ہے:

ﷲ رکھیوں یارب یہ درِ گنجینۂ گوہر کھلا

میں نے اگرچہ اُردو ادب کی بہت سی کتابیں پڑھی ہیں، مگر فاروقی صاحب کا آہنگ اور انداز ہی منفرد ہے۔ بعض اوقات میں فاروقی صاحب کی تحریریں پڑھتا ہوں تو دل باغ باغ ہو جاتا ہے بالخصوص جب ان کے تنقیدی جملوں پر نظر جاتی ہے تو انہیں داد دینے کو دل چاہتا ہے۔

(ماخوذ: تعارفی نوٹ ماہنامہ جہانِ رضا، شمارہ ۹۰، اکتوبر نومبر ۲۰۰۰ء، صفحہ ۳۴؛
'یوں تھا ہو ول' از قلم محمد عالم مختار حق ماہنامہ جہانِ رضا، شمارہ ۱۵۷، اگست ۲۰۱۰ء، صفحات ۳۶تا۳۳)

عرضِ حال

؎ جہاں میں عام پیغام شہ احمد رضا کر دیں
پلٹ کر پیچھے دیکھیں پھر سے تجدیدِ وفا کر دیں

یہ کتاب مرکزی مجلسِ رضا کی گولڈن جوبلی کے موقع پر مجلس کی خدمات کے اعتراف میں ترتیب دی گئی ہے۔ مجلس رضا تاریخ اہل سنت کا زریں باب ہے۔ ہم خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں ان افراد کو جو اس مجلس کے رکن رہے ہیں، ہم خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں ان معاونین کو جو مجلس کی سرگرمیوں کے لیے مالی وسائل مہیا کرتے رہے ہیں، ہم دادِ ذوق دیتے ہیں ان قارئین و شائقین کو جو مجلس رضا کی مطبوعات اور تقاریب کی پذیرائی کرتے رہے۔ ہم دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں ان اہل علم اور اہل قلم کو جن کے قلم مجلس رضا کی مطبوعات میں رواں دواں رہے۔ لائق صد احترام ہیں وہ علماء و مشائخ جو اس تحریک کی سرپرستی کرتے رہے۔ ہم شکریہ ادا کرتے ہیں حکیم موسیٰ امرتسری اور ان کے احباب خصوصاً اقبال فاروقی کا جنھوں نے امام اہلسنت شاہ احمد رضا خاں کی شخصیت کو معاشرے کے ہر طبقے اور دنیا کے ہر گوشے میں متعارف کرانے کا اہتمام کیا اور ہم دعا گو ہیں مجلس کی موجودہ ٹیم کے لیے جو اس تحریک کو ہر صورت جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

اس بات کا اظہار بھی بے جا نہیں کہ مسلمانوں کو جس قدر تعلیمات رضا کی ضرورت موجودہ دور میں ہے، پہلے نہ تھی۔ ان حالات میں مجلس رضا اور اس نوعیت کے اداروں کا کردار بہت اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ پیرزادہ اقبال احمد فاروقی نے جولائی ۱۹۹۵ء میں فکر رضا کو مرکزی حیثیت دینے کے حامی افراد اور اداروں کو اس مقصد کی طرف پہلے قدم کے طور پر درج ذیل تجاویز پیش کی تھیں جن پر عمل کرنا آج بھی اتنا ہی اہم ہے:

۱۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے نظریات کو جہاں جہاں پھیلایا جارہا ہے، اسے غنیمت جان کر جوں کا توں جاری رکھا جائے تاکہ ہر شخص اپنے حالات میں رہ کر کام کرتا جائے۔
۲۔ فاضل بریلوی کی تصانیف کو شایع کرنے کا جہاں جہاں کام ہورہا ہے، اس کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے بلکہ ان سے مالی تعاون بھی کیا جائے۔
۳۔ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت کا جہاں جہاں نام لیا جارہا ہے، ان کی امداد کی جائے۔
۴۔ اعلیٰ حضرت کے نظریات کی اشاعت میں جس قدر رسائل چھپ رہے ہیں، ان کی خریداری بڑھانے اور ان کا حلقہ مطالعہ پھیلانے میں مدد کی جائے۔
۵۔ اعلیٰ حضرت کے نام پر جتنی لائبریریاں قائم ہوئی ہیں انہیں مرتب کیا جائے اور حتی الواسع انہیں کتابیں مہیا کی جائیں۔
۶۔ اعلیٰ حضرت کے نام پر جتنی مساجد تعمیر ہورہی ہیں، ان کا انتظام بہترین انداز میں ہو تاکہ اعلیٰ حضرت کے وقار کی جھلک نظر آئے۔
۷۔ اعلیٰ حضرت کے نام پر جس قدر مجالس، محافل یا بزمیں بنی ہیں، ان سے بھرپور تعاون کیا جائے۔
۸۔ اعلیٰ حضرت کے نام پر چلنے والے اداروں کے لیے مخیر سنی حضرات سے مالی تعاون حاصل کیا جائے۔
۹۔ ہمارے واعظ اور دوسرے علماء کرام جہاں جائیں، وہاں کے مقامی رضوی اداروں کا اچھے الفاظ میں تعارف کرائیں۔
۱۰۔ اعلیٰ حضرت کا ترجمہ قرآن یا دوسری کتابیں شایع کرنے والے ناشرین کی حوصلہ افزائی کی جائے اور بدعقیدہ علماء کے تراجم اور کتابیں خریدنے سے عام سنیوں کو روک دیا جائے۔
۱۱۔ جہاں جہاں 'یوم رضا' یا 'عرس امام احمد رضا' منائے جاتے ہیں، وہاں تمام سنی بھرپور شرکت کرکے منتظمین کی حوصلہ افزائی کریں۔
۱۲۔ 'فکر رضا' سے ناآشنا حضرات کو مناظرانہ انداز میں دبایا نہ جائے بلکہ محبت سے انہیں لٹریچر مہیا کیا جائے۔

اس انداز سے ہم ایسے علیحدہ علیحدہ کام کرنے والوں کو اپنے اپنے ماحول اور حالات کے مطابق کام کرنے کا موقع دے کر ایک اجتماعی قوت بنا سکتے ہیں اور 'فکر رضا' کو مختلف انداز میں پھیلا سکتے ہیں۔

ع گلہائے رنگا رنگ سے ہے رونقِ چمن!